# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

صوبائی اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 26 اگست 2008ء بمطابق 23 شعبان 1429ھ صبح گیارہ بجکر پینتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَاعۡتَصِمُوا بِحَبۡلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا ۚ وَاذۡكُرُوا نِعۡمَتَ اللَّهِ عَلَيۡكُمۡ إِذۡ كُنتُمۡ أَعۡدَاءً فَأَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوبِكُمۡ فَأَصۡبَحۡتُم بِنِعۡمَتِهِۦٓ إِخۡوَانًا وَكُنتُمۡ عَلَىٰ شَفَا حُفۡرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنۡهَا ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمۡ ءَايَٰتِهِۦ لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُونَ O وَلۡتَكُن مِّنكُمۡ أُمَّةٌ يَدۡعُونَ إِلَى الۡخَيۡرِ وَيَأۡمُرُونَ بِالۡمَعۡرُوفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنكَرِ ۚ وَأُوۡلَٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُونَ۔ صدق اللہ العظیم۔

(ترجمہ): اور سب مل کر خدا کی (ہدایت کی رسی) کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا اور خدا کی اس مہربانی کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی اور تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ چکے تھے تو خدا نے تم کو اس سے بچا لیا اس طرح خدا تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سناتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور تم میں ایک جماعت ایسی ہونی چاہیئے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے اور اچھے کام کرنے کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کرے یہی لوگ ہیں جو نجات پانے والے ہیں۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: قلب حسن صاحب کا مائیک آن کرو۔

## دعائے مغفرت

جناب رحیم داد خان (سینیئر وزیر): جناب سپیکر، احمد فراز صاحب وفات شوے دے او۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر، د هغے باره کښں سر، زهٔ عرض کومه۔

جناب سپیکر: د احمد فراز صاحب په باره کښں ستاسو هم دغه خبره ده؟

سید قلب حسن: بالکل جی، احمد فراز وفات شوے دے، زهٔ گزارش کومه چه د هغه مغفرت د پاره د دعا اوشی۔

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب! تاسو د هغوی د مغفرت د پاره دعا اوغواړئ۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب پرویز احمد خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جناب پرویز خان۔

جناب پرویز احمد خان: جناب سپیکر صاحب! په دے تیر شوی سیشن کښں ما د ائر پورټ حوالے سره چه د هغے نوم د 'باچا خان ائرپورټ' کیښودلے شی، زهٔ صرف د شکریه په توگه اودریدلے یم چه زما هغه بنیادی خبره وه او ستاسو د ټولو شکریه ادا کوم چه هغه د قرارداد شکل کښں بلور صاحب راوسته او زما دے ورونړو خوئیندو ډیر په اتفاق رائے سره منظور کړه، زهٔ ډیره شکریه ادا کوم۔

جناب سپیکر: مهربانی جی۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: ظاہر شاہ صاحب، جی۔

## رسمی کارروائی

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر! زهٔ ستاسو په وساطت سره د حکومت او د دے ایوان توجه یو اهمے مسئلے طرف ته دلاؤمه۔ جناب سپیکر، دا اسمبلی چه ده،

دا بنیادی طور قانون ساز اداره ده او دا د ټولے صوبے د پاره ټوله قانون سازی په دے اسمبلئ کښ کیږی او دا بنیادی طور Law making اداره ده۔۔۔۔

جناب سپیکر: پوائنټ ته راشئ جی، پوائنټ څه دے ؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر! زمونږ په دے اسمبلئ کښ زمونږ دا وزیران صاحبان ځنے داسے کارونه کوی چه نه صرف د دغه قانون هغه قانون شکنی اوشی بلکه ډیرے لویے مسئلے جوړے شی، زهٔ د یو مسئلے باره کښ ستاسو توجه راګرځومه جناب سپیکر صاحب، چه په 22-07-2008 باندے په ډسټرکټ شانګله کښ ډی سی او، چه کومه هغه د اپوائنټمنټ کمیټی ده، هغه د کلاس فور ملازمینو تقرری کوی او بیا د هغے کمیټئ د سفارشاتو په روشنائی کښ درے کلاس فور ملازمین په محکمه تعلیم کښ آرډرونه کیږی، په میرټ باندے کیږی، د هغه آرډر نمبر دے جناب، 7066-75, dated 22-7-2008 او هم بیا په دغه ورځ باندے دوه ګهنټے وروستو دغه ای ډی او ایجوکیشن آرډر نمبر 0784, dated 22-7-2008 آرډر ایشو کوی چه "As telephonically directed by the Honourable Minister" ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه دا۔۔۔۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: یو منټ جی، زما عرض واورئ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه، دا پوائنټ آف آرډر نه جوړیږی۔ تاسو کال اټنشن موشن باندے راشئ۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: زما عرض واورئ یو منټ، سر۔ سپیکر صاحب، زمونږ خبره اوره، پوهه شوے، مهربانی کوه۔

جناب سپیکر: ګنجائش مے درکړو کنه، په هغے باندے راشئ، هم نن به ئے Put up کړو۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: ټهیک شوه جی۔

Mr. Speaker: 'Questions Hour'. Question No. 28……

Mr. Jafer Shah: Point of order, Janab Speaker.

جناب سپیکر: دا 'Questions Hour' به تاسو ضائع کړئ، وخت پرون هم ضائع شوے دے او نن هم ضائع کوئ۔

جناب جعفر شاہ: زۀ جی یوه خبره کوم۔

جناب سپیکر: د دے ټولو اراکینو اهم کوئسچنز دی او دا کوئسچنز به تاسو ضائع کړئ۔ جعفر شاه صاحب۔

جناب جعفر شاہ: مهربانی جناب سپیکر۔ زۀ ستاسو په توسط د دے هاؤس توجه یو Important point طرف ته راګرځومه چی "بینظیر انکم سپورټ پروګرام"، پرون په اخبار کښې راغلی دی چه هر یو ایم این اے ته به آټھ هزار فارمونه ورکوی او هر یو سینیټر ته به آټھ هزار فارمونه ورکوی، د یونین کونسل کونسلر به په هغے کښې Involve وی، هغه به Verification کوی، د ایم پی ایز پکښې نوم نشان نشته۔ زۀ ستاسو په وساطت باندے دے هاؤس ته دا ریکویسټ کومه چه مونږ یو قرارداد پیش کړو، دا هاؤس، چه په دیکښې د ایم پی ایز ته هم څه مخصوصه کوټه ورکړے شی چه کم از کم دو هزار یا پندره سو فارمونه، (تالیاں) دے باندے جی ما ته د قرارداد پیش کولو اجازت راکړئ۔

ایک آواز: پہلے لکھ لو۔

جناب جعفر شاہ: میں زبانی بولتا ہوں۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: اول د رول د Suspension د پاره اووایه۔

جناب سپیکر: آپ بھی یہی کہنا چاہتے ہیں؟

جناب جعفر شاہ: جی، جی، یہ صوبائی اسمبلی مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ ۔۔۔۔۔

جناب جاوید عباسی: قرارداد کی اجازت پہلے لے لیں نا۔ ( شور)

جناب سپیکر: جی۔

جناب جعفر شاہ: جناب، رول Suspend کر کے مجھے اجازت دے دیں۔

جناب سپیکر: د رول Suspension د پاره به تۀ ریکویسټ او کړے۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب اودریږه جواب درکوی ۔ جی، تاسو رحیم داد خان صاحب۔

جناب رحیم داد خان (سینیئر وزیر): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: رحیم داد خان صاحب کا مائیک آن کریں۔

جناب جعفر شاہ: سپیکر صاحب! که دا هاؤس قرارداد پیش کړی نو دا خبره به ډیره مضبوطه شی انشاءاللّٰه۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): جناب سپیکر، دے باره کښ دومره عرض کوم چه هغه دا شے نه دے، پوره Clear نه دے خو دا خبره ده چه د نادرا په ذریعه باندے به کیږی او هغے کښ کوم مستحق خلق چه دی، Above parties دغه چه کوم دی، هغوی ته به ملاویږی۔

جناب جعفر شاہ: نه جی، په هغے کښ دا دی چه ایم این ایز، ایم پی ایز-----

(شور)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، دا خو یو سفارش دے او زهٔ دا وایم چه تاسو پکښ دا کیږدئ------ (شور)

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر، زهٔ هم دا وایم چه هر کله یو شے اخبار کښ راشی او هغوی ته وی نو زمونږ هم دا ------

جناب منور خان ایڈوکیٹ: دا خو جی میډیا او اخبار کښ هم راغلی دی۔ یو ریزولیوشن به پاس کړو او که بیا دا کیږی او که نه کیږی۔

جناب سپیکر: نو چه یو شے Existing لا نشته نو په هغے څه له ریزولیوشن پاس کوئ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: په اخبار کښ راغلی، په میډیا کښ راغلی دی۔

جناب سپیکر: نوټیفیکیشن نمبر اوښایئ؟

جناب جعفر شاہ: اخبار کښ------

جناب سپیکر: چا سره شته؟ اخبار کښې خبرے ډيرے راځي، نوټيفيکيشن نمبر اوښايئ۔۔۔۔۔ (شور)

جناب جعفر شاہ: جناب سپيکر صاحب، زۀ خو دا وايم چه دا خو يو سفارش دے او۔۔۔

(شور)

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: هسے فضول سفارشونه نه کوؤ۔ 'کوئسچن آور' کوئسچن نمبر 28، جناب عبدالستار خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، میں۔۔۔

جناب سپیکر: بعد میں، بعد میں۔ Not present. Question No. 59, Dr. Zakir Ullah Khan Sahib. ډاکټر صاحب نشته؟ کوئسچن نمبر 95، جناب قلب حسن صاحب۔

* 95 _ سید قلب حسن: کیاوزیرایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2007-08 میں تمام اضلاع کو Petty repair اور Class room CRC کیلئے رقم مختص ہوئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تمام اضلاع کو جاری کئے گئے مذکورہ فنڈ کی تفصیل بتائی جائے۔ نیز اس میں ضلع کوہاٹ کے پرائمری سکولوں کیلئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے اور کب ریلیز ہوئی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین بابک (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) تمام اضلاع کو جاری کئے گئے مذکورہ فنڈ کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | ضلع کا نام | Petty Repair | CRC |
|---|---|---|---|
| 1 | ایبٹ آباد | 28.740(M) | 10.090(M) |
| 2 | بنوں | 20.48(M) | 7.204(M) |
| 3 | بٹگرام | 9.500(M) | 3.536(M) |
| 4 | بونیر | 12.970(M) | 4.678(M) |
| 5 | چارسدہ | 24.445(M) | 8.984(M) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | چترال | 12.280(M) | 3.950(M) |
| 7 | دیرلوئر | 23.170(M) | 8.324(M) |
| 8 | دیراپر | 13.245(M) | 4.692(M) |
| 9 | ڈی آئی خان | 27.020(M) | 9.264(M) |
| 10 | ہری پور | 23.215(M) | 8.164(M) |
| 11 | ہنگو | 7.775(M) | 2.706(M) |
| 12 | کرک | 17.420(M) | 6.210(M) |
| 13 | کوہاٹ | 18.010(M) | 6.484(M) |
| 14 | کوہستان | 10.270(M) | 3.790(M) |
| 15 | لکی | 17.100(M) | 5.966(M) |
| 16 | ملاکنڈ | 14.115(M) | 4.864(M) |
| 17 | مانسہرہ | 31.905(M) | 10.970(M) |
| 18 | مردان | 36.615(M) | 13.308(M) |
| 19 | نوشہرہ | 21.725(M) | 7.676(M) |
| 20 | پشاور | 37.490(M) | 13.240(M) |
| 21 | صوابی | 26.885(M) | 9.818(M) |
| 22 | شانگلہ | 10.050(M) | 3.698(M) |
| 23 | سوات | 30.220(M) | 10.510(M) |
| 24 | ٹانک | 7.510(M) | 2.514(M) |
| ٹوٹل | | 482.155(M) | 170.649(M) |

ضلع کوہاٹ کے پرائمری سکولوں (مردانہ) کیلئے 2381130 روپے اور پرائمری سکولوں (زنانہ) کیلئے 2001000 روپے مختص ہوئے ہیں۔

| | Petty repair | CRC | ٹوٹل |
|---|---|---|---|
| پرئمری سکول (مردانہ) | 1800000 | 581130 | 2381130 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پرائمری سکول(زنانہ) | 1551000 | 450000 | 20010000 |
| کل رقم | 3351000 | 1031130 | 4382130 |

سید قلب حسن: جناب سپیکر، زۀ منسٹر صاحب نه د دے شی وضاحت غواړمه چه دا کوم اماؤنټ دوئ دلته لیکلے دے، 24.5 ملین راځی، نمبر1 دا چه کوم کوهاټ کښې دوئ Show کړے دے، د 24.5ملین بجائے 4.38 ملین دے۔ بل کوم مقصد د پاره دا کوئسچن ما کړے دے جناب سپیکر صاحب، دا Petty repair کښې او CRC کښې پرائمری سکولونو د پاره فنډ مختص کیږی، هغه رولز دا دی چه هر یو سکول کښې د کمرو په حساب سره سات هزار روپئ Per room ورکوی خو دلته کښې کوهاټ کښې هغه فنډ په هائی سکولونو کښې استعمال شوے دے او سات هزار Per room بجائے سات هزار Per school هغوی ورکړے دے۔ د دے منسټر صاحب د وضاحت اوکړی۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب، پلیز جواب دیں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جناب سپیکر صاحب، آنریبل ممبر صاحب چه کوم کوئسچن کړے دے، بالکل دا د P.T.A په مد کښې، دا د CRC په مد کښې چه کوم د فنډ Allocation کیږی د مختلف کمرو، د سکولونو د Repair د پاره او کومه نشاندهی چه دوئ اوکړه، داسے خو بالکل نه ده چه د کوم سکول او د کومے کمرے Against چه څومره Allocation اوشی چه څومره فنډ ریلیز شی، دا د هغے د Repair د پاره استعمالیږی خو دا د کومے خبرے نشاندهی چه دوئ اوکړه، بالکل زۀ دوئ ته دا باور ورکومه چه داسے خو نه دی شوی او که داسے شوی هم وی نو زۀ Assurance ورکومه آنریبل ممبر صاحب ته څکه چه دا خو Specifically د پرائمری سکول د پاره او د مډل د پاره او د هائی د پاره جدا جدا Allocation کیږی۔ اوس مونږ په دے نه پوهیږو چه دوئ څنګه نشاندهی اوکړه چه د پرائمری فنډ په هائی کښې لګیدلے دے چه دا د Need په بنیاد، د ضرورت په بنیاد لګیدلے دے یا په پرائمری سکولونو کښې د هغے ضرورت نه وو، په هائی سکولونو کښې د هغے ضرورت وو، هغوی داسے کړی دی؟ بهرحال زۀ دوئ ته Assurance ورکومه انشاءالله چه زۀ به دا Investigate کړمه او دوئ ته به پوره پوره انشاءالله انفارمیشن ورکړم۔

جناب سپیکر: جی ممبر صاحب۔

سید قلب حسن: وزیر صاحب د په دے تحقیقات او کړی نو زهٔ مطمئن یم۔

جناب سپیکر: مطمئن یے۔ کوئسچن 103، جناب عتیق الرحمان صاحب۔

* 103 _ جناب عتیق الرحمان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہنگو میں کئی سالوں سے بارانی پراجیکٹ پر کام ہو رہا ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ کو ترقیاتی کام، زراعت اور مال مویشیوں کی ترقی کیلئے کروڑوں روپے کا فنڈ جاری ہوتا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ مختلف تنظیمیں بنا کر ان کے ذریعے فنڈز خرچ کرتے ہیں، نیز یہ تنظیمیں اپنی Contribution پہلے جمع کر کے بعد میں پراجیکٹ پر کام شروع کیا جاتا ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ضلع ہنگو میں سال 06-2005 اور 08-2007 کے دوران مذکورہ پراجیکٹ سے کونسی سکیموں کیلئے فنڈز جاری کئے گئے ہیں، کونسی سکیمیں مکمل ہو چکی ہیں اور کونسے منصوبوں پر کام شروع ہے؛

(ii) کونسی سکیموں کیلئے تنظیموں نے اپنی Contribution جمع کی ہے لیکن تاحال کام شروع نہیں کیا، جن تنظیموں کو چیک دیئے گئے ہیں لیکن وہ ابھی تک بینک سے کیش نہیں ہوئے، ان کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز تمام تنظیموں (CBOs) کی لسٹ بھی فراہم کی جائے؟

جناب رحیم داد خان [سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی)]: (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) جی ہاں، یہ درست ہے۔ کمیونٹی کا حصہ پراجیکٹ کے طریقہ کار کا حصہ ہے اور مختلف مدوں میں اس کی شرح مندرجہ ذیل ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| سڑکین | کل لاگت کا 10 فیصد۔ | آبنوشی سکیمیں: | کل لاگت کا 20 فیصد |
| آبپاشی سکیمیں | کل لاگت کا 25 فیصد | تحفظ آراضیات سکیمیں | کل لاگت کا 25 فیصد |

(د) ان تمام سکیمز کی تفصیل بمع نام تنظیم، نام مستفید تنظیم/گاؤں اور سکیموں کی کل لاگت لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

ایک تنظیم ایسی ہے جس نے کمیونٹی شیئر جمع کرایا ہے لیکن ابھی تک کام شروع نہیں ہوا ہے۔ اس کا نام وی اور شید آباد ہے اور اس نے ایک لاکھ روپیہ کمیونٹی اکاؤنٹس میں جمع کروایا ہے لیکن سکیم کی تخمینہ لاگت پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے بنایا تھا اور اس کی کل لاگت انسٹھ لاکھ تھی۔ ڈی آئی یو ہنگو نے یہ تخمینہ ایگزیکٹیو کمیٹی سے منظوری کیلئے پشاور بھجوا دیا تھا۔ ایگزیکٹیو کمیٹی نے اس منصوبے کو دو وجوہات کی بناء پر نامنظور کر دیا تھا۔ ایک وجہ سکیم کی لاگت ورک پلان کے ہدف ستاون لاکھ سے زیادہ تھی اور دوسری وجہ یہ کہ پراجیکٹ نے دسمبر میں اختتام پذیر ہونا ہے، اسلئے اتنی بڑی سکیم کو مکمل کرنا ناممکن ہے۔

تنظیموں کے چیکوں کے بارے میں التماس ہے کہ کوئی بھی تنظیم ایسی نہیں جس کو چیک دیا گیا ہو اور کیش نہ ہوا ہو۔ (مزید تفصیل لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے)

<u>جناب عتیق الرحمان</u>: جناب سپیکر، زۀ دے جوابونو نه بالکل مطمئن نه یم چه دا کوم دوئ ما ته رالیږلی دی او دا ئے وئیلی دی چه دا سیکمونه Complete شوی دی یا روان دی۔ جناب سپیکر صاحب، زۀ دیکښ دا ریکویسټ کوم منسټر صاحب ته چه دوئ د پکښ یو کمیټی دا شان جوړه کړی چه دوئ ته زۀ اوښایمه چه په کروړها روپئ خرچ شوی دی په کاغذاتو کښ او ګراؤنډ باندے هیڅ نشته۔ کار بالکل شوے نه دے، دوئ چه کوم هغه رالیږلی دی چه دا په دے مد کښ او دومره پیسے خرچ شوی دی جناب سپیکر صاحب، په موقع باندے کار نشته۔ خلق چیکونو پسے ګرځی او هم دغه شان تنظیمونو باندے ئے پیسے ویستی دی او کروړها روپئ بارانی پراجیکټ، هلته یو کس دے، عباسی نوم ئے دے، هغه دا شان وائی چه دا ډیپارټمنټ خو د خلقو د فلاح او بهبود د پاره نه دے بلکه زما ذاتی ملکیت دے او چیکونه ورکوی، په موقع باندے کار نشته، د هنګو د خلقو زندګی بهتره نه، نوره خرابه شوه۔ مهربانی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، ملک قاسم صاحب، مائیک آن کړئ جی۔

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: زۀ د آنریبل ممبر صاحب نه۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا سپلیمنټری کوئسچن دے؟

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: سپلیمنټری، ضمنی کوئسچن دے جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: سپلیمنټری، ضمنی کوئسچن دے؟

ملک قاسم خان خٹک: سپیلیمنټری جی، زهٔ د عتیق الرحمان صاحب د خبرے تائید کوم او ورسره جی زهٔ دا پوښتنه کوم چه آیا آنریبل منسټر صاحب مونږ ته دا اوښائی چه بارانی پراجیکټ چه دا کوم سکیمونه کیږی، دیکښ د ایم پی ایز Recommendations ته څه اهمیت ورکړے کیږی که نه یو افسر ناست دے، هغه په خپله مرضئ باندے ئے چه چا ته ورکړل، هغه ته ئے ورکوی؟

جناب سپیکر: جی، Minister concerned، رحیم داد خان صاحب۔

سینئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): جناب سپیکر! دے زما ورور عتیق خان کوئسچن کړے دے او دا بیا د دے جواب راغلے دے او دا داسے فورم دے، دوئ چه کومه خبره کوی او بیا ډیپارټمنټ کوم جواب ورکوی، پکار دا ده چه صحیح وی او څه نمونه که دوئ، د څه کوئسچنز جوابونه صحیح راغلی دی، د ډیټیل سره راغلی دی، که د هغے باوجود د دوئ څه شکوک وی شبهات وی، مونږ هم وایو چه د قوم دا پیسه ده، دا ضائع نه شی۔ که دوئ وائی چه په دیکښ د کمیټی جوړه شی، زمونږ د طرفه هیڅ رکاوټ نشته بلکه زهٔ به دوئ ته هم درخواست اوکړم چه دوئ د هم د کمیټئ ممبر شی۔

جناب سپیکر: جی عتیق صاحب۔

جناب عتیق الرحمان: ډیره شکریه، مهربانی۔

Mr. Speaker: Referred to the concerned committee.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، لکه څنګه چه عتیق صاحب خبره اوکړه۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا پکار ده چه مخکښ د ضمنی کوئسچن راوستے وے کنه۔

ملک قاسم خان خٹک: نه جی، د ایم پی ایز پکښ څه کردار دے؟

جناب سپیکر: دا Generalize کیدے نه شی، یو کوئسچن۔ ستاسو Specific question دے، دا کمیټئ ته حواله شو۔ په هغے کښ بیا تاسو Thorough check up ئے اوکړئ۔۔۔۔۔۔ (شور)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: زهٔ صرف دا وایم چه۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کمیټئ ته لاړو، په هغې کښې به ته هم ور شې چه څه د خوښنه وی، هغه ورته بیا وایه، اوس بل سوال ته راځو۔ جناب افتخار خان، سوال نمبر 114۔

* 114 _ جناب افتخار خان: کیاوزیر برائے ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں ضلع مردان میں مختلف کیڈر کے اساتذہ مردانہ و زنانہ کی تعیناتی کی گئی ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان اساتذہ کی بھرتی میرٹ پر ہوئی ہے;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان اساتذہ کو ضلع مردان ہی میں تعینات کیا گیا ہے;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ان اساتذہ کی آسامی، گریڈ اور جہاں جہاں تعیناتی کی گئی ہے، کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین بابک (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔ ضلع مردان میں ضلعی کیڈر کی آسامیوں (گریڈ 1 سے 15 تک) پر بھرتیاں ہوئی ہیں۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔

(ج) جی ہاں، درست ہے۔

(د) مکمل تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے)۔

جناب افتخار خان: جناب سپیکر، میرا سوال وزیر صاحب سے یہ ہے کہ آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں ضلع مردان میں مختلف کیڈر کے اساتذہ مردان وزنانہ کی تعیناتی کی گئی ہے اور یہ بھی درست ہے کہ ان اساتذہ کی بھرتی میرٹ پر ہوئی ہے، آیا یہ بھی درست ہے کہ ان اساتذہ کو ضلع مردان ہی میں تعینات کیا گیا ہے؟ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جناب منسٹر ایجوکیشن، جواب دیں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: مهربانی سپیکر صاحب۔ بالکل آنریبل ممبر صاحب چه کوم کوئسچن کړے دے، دیکښې جی دا خبره بالکل د شک او د شبې نه بالاتر ده چه په مردان ضلع کښې د ګریډ یو نه واخلئ تر پنځلسمه پورے کومے بهرتیانے شوی دی، بالکل دا په میرټ باندے شوے دی۔ د دے چه څنګه جواب مونږ ورکړے دے، هم دا خبره بالکل چه څنګه ده، مونږ په اثباتو کښې جواب ورکړے دے، هم دغسے ده۔ د (ج) چه کوم د دوئ سوال دے، چه کومے بهرتیانے شوی

دی، هغه مردان ضلع کښې بالکل ټول Accommodate شوی دی او دا خبره هم داسې ده چه ټول مردان نه چه څومره ریکروټمنټ شوې دے، مردان کښې Accommodate شوی دی۔ د دے پوره تفصیل مونږ دے سره Attach کړے دے۔ د دے نه علاوه هم که چرے د آنریبل ممبر صاحب ته په دے باندے څه اعتراض وی نو بالکل مونږ حاضر یو او څومره ریکروټمنټ چه شوے دے، دا په مردان کښې Accommodate شوے دے۔

جناب سپیکر: جی، افتخار صاحب۔

جناب افتخار خان: زهٔ مطمئن یم۔

Mr. Speaker: Satisfied?
Mr. Iftikhar Khan: Satisfied, Sir.
Mr. Speaker: Thank you. Abdul Akbar Khan!

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! کیاوزیر تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ یہ جو تمام بھرتیاں ہوئی ہیں، جو ان کا Criteria ہے کہ یہ یونین کونسل وائز ہونگی، کیا یہ یونین کونسل وائز صحیح طریقے سے ہوئی ہیں؟

Mr. Speaker: Minister Education, please.

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب! بالکل چه کومه Criteria ده، چه 75 او 25 چه کومه Criteria وه چه اوپن میرټ او یونین کونسل والا چه کومه خبره وه، بالکل عبدالاکبر خان صاحب خو زمونږ سینیئر دے، که د دوئ په نظر کښې څه داسے خبره شوے وی چه میرټ پکښې Bypass شوے وی نو هغه خبره د هغوی زمونږ په نوټس کښې راولی، مونږ به پرے ایکشن واخلو خو داسے هیڅ قسمه خبره زمونږ په نوټس کښې تر اوسه پورے نشته۔ Criteria چه څه ریکروټمنټ دے د پی ای سی ټیچرانو یا مختلف کوم چه کیډرز وو، هغے Criteria د لاندے شوے دی خو بیا هم که داسے څه خبره وی نو زمونږ نوټس کښې د راولی مونږ به پرے فوری طور ایکشن واخلو۔

جناب عبدالاکبر خان: ښه جی، زهٔ به د دوئ نوټس کښې راولم۔

Mr. Speaker: Thank you. Question No. 124, Muhtarama Saeeda Batool Sahiba.

* 124 _ محترمہ سعیدہ بتول: کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل پہاڑپور کے گاؤں سیدعلیاں گرلز پرائمری سکول میں پی ایس ٹی کی آسامی پر بھرتی کی گئی ہے;

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔آیا مذکورہ آسامی پر میرٹ کے بغیر بھرتی کی گئی ہے;

2۔آیا محکمہ تعلیم نے اس سلسلے میں کوئی انکوائری کی ہے۔اگر انکوائری کی گئی ہے تو اس کا کیا نتیجہ نکلا ہے;

3۔ مذکورہ بھرتی کے سلسلے میں جو لوگ متاثر ہوئے ہیں، آیا حکومت ان کو میرٹ پر تعینات کرنے اور 01-10-2007 سے ان کو تنخواہ دینے اور ملوث اہلکاروں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب سردار حسین بابک</u> (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) 1۔ جی ہاں، مذکورہ آسامی پر میرٹ کے بغیر بھرتی کی گئی ہے۔

2۔جی ہاں، اس سلسلے میں انکوائری کی گئی ہے لیکن اس انکوائری کا حتمی فیصلہ یا نتیجہ حاکم مجاز کے فیصلے کے بعد کیا جائے گا۔

3-جیسا کہ جز '2' میں درج ہے۔

<u>محترمہ سعیدہ بتول</u>: میرا سوال یہ تھا کہ ضلع ڈی آئی خان کے تحصیل پہاڑپور کے گاؤں سیدعلیاں میں جو بھرتیاں کی گئی ہیں، وہ میرٹ کے بغیر ہوئی ہیں، مگر جناب سپیکر، اس میں بھرتیاں ایسی ہوئی ہیں، بوگس بھرتیاں، یعنی اپوائنٹمنٹ لیٹرز تو مل گئے لوگوں کو، مگر ان کا کوئی ریکارڈ محکمے کے پاس نہیں تھا، تو یہ جواب فراہم کیا گیا ہے، اس میں یہ ہے کہ محکمے سے جو جواب آیا ہے، وہ یہ ہے کہ حاکم مجاز کے فیصلے کے بعد فیصلہ کیا جائے گا یعنی انکوائری کے حتمی فیصلے کا نتیجہ حاکم مجاز کے فیصلے کے بعد، تو میرا سوال وزیر موصوف سے پہلے تو یہ کہ حاکم مجاز سے کیا مراد ہے؟ اس بات سے انہوں نے کیا، کہاں اور دوسرا یہ کہ جو سات مہینے بوگس بھرتیاں کی گئی ہیں 1-10-2007 سے، تو سات مہینے وہاں پر لوگوں نے سروس بھی دی لیکن ان کو تنخواہ نہیں ملی اور ابھی تک ایک سال، تقریباً گیارہ مہینے ہوئے ہیں اور بغیر سیلری کے وہاں پر ان کو یہ کنفرم کیا جائے کہ وہ اس ریکارڈ میں، ایجوکیشن، وہ جو ٹیچرز ہیں لیڈیز، وہ اس ریکارڈ میں موجود ہیں محکمے کے پاس کہ نہیں ہیں؟ اور ان کے بارے میں Clear کیا جائے اور سیکنڈ یہ بھی ہے کہ قانونی طور پر اگر بھرتیاں محکمے نے

کی ہیں، جس طرح بھی ہوئی ہیں، انکوائری کی گئی ہو گی اور جب اس کو Clear کرینگے وزیر صاحب کہ مجاز۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، منسٹرایجو کیشن۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی عبدالاکبر خان۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر! اس میں تو انہوں نے خود ایڈمٹ کیا ہے کہ میرٹ کے بغیر بھرتی کی گئی ہے تو یہ تو آنریبل ممبر نے جو کوسچن کیا ہے، اس کا مطلب ہے کہ ڈیپارٹمنٹ توConcede کر رہا ہے تو میرے خیال میں چونکہ آج ایجنڈے پر میرا نوٹس تھا اسی قسم کے ایک سوال کے متعلق، جو محترمہ نے پیش کیا تھا اور میں نے اس پر نوٹس دیا تھا رول48 کے تحت، آج آپ نے ایجنڈے پر رکھا ہے، میرے خیال میں اس پر ڈیٹیل سے ڈسکشن کرلینگے کیونکہ آج وہ ایجنڈے پر آیا ہے تو یہ ساری بحث کرلیں، اگر واقعی اس طرح ہوا ہے جناب سپیکر، تو مطلب یہ ہے کہ یہ گورنمنٹ خود Concede کر رہا ہے کہ بغیر میرٹ کے ہو رہا ہے تو پھر تو میرے خیال میں وہ جو بات کہہ رہے تھے، یہ توSerious معاملہ ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، منسٹرایجو کیشن۔

<u>وزیر برائے ثانوی تعلیم</u>: مہربانی، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، جس طرح شاید آپ کو یاد ہو، اسی کوسچن پہ تو اسرار خان، آنریبل ہمارے ممبر صاحب جو ہیں، میاںخیل صاحب ہمارے محترم اور محترمہ نے بھی، مطلب پہلے بھی یہ سوالات اٹھائے تھے۔ بالکل عبدالاکبر خان صاحب نے کہا کہ Illegally ہو رہے ہیں، ہو نہیں رہے ہیں، یہ ہوگئے ہیں سر۔ یہ ماضی میں اس طرح جتنی بھی ریکروٹمنٹس تھیں ڈی آئی خان میں، Unfortunately بالکل میرٹ کوBypass کیا گیا ہے۔ جو سوالات محترمہ نے دیئے ہیں، ان کے تو ہم نے آگے جوابات لکھے ہیں لیکن انکی دو جو انکوائریاںConduct ہوئی ہیں، وہ جو تھرڈ انکوائری ہے، انشاء اللہ جس طرح کہ پچھلے دن اسمبلی میں اسرار خان کے کہنے پر ہم نے یہ اس طرح کیا کہ ہم نے ریفر کیا ہے کمیٹی کو۔ پھر انشاء اللہ یہ ہمارے سب ممبران حضرات اور محترمہ کو بھی معلوم ہے، کیا کہہ سکتے ہیں کہ جس بے دردی سے وہاں پر میرٹ کوBypass کیا گیا ماضی میں، اب ہونا تو یہ چاہیئے کہ محترمہ ان لوگوں کی نشاندہی کرے جنہوں نے اتنی بے دردی سے میرٹ کی دھجیاں اڑائی ہیں تو میرے خیال میں بجائے اس کے، ہم نے تو ساری انکوائریاںConduct کی ہیں، دو انکوائریاں ہم نے Conduct کی ہیں، جو

تھر ڈانکوائری ہماری ہو رہی ہے، انشاء اللہ بہت جلد ہم اسی ہاؤس میں اسی کو لے آئیں گے اور پھر ممبران صاحبان اور محترمہ کے مشورے سے انشاء اللہ اسی پر ایکشن لینگے ان لوگوں کے مشورے سے۔

جناب سپیکر: جی، بی بی!

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: جناب سپیکر! میں صرف یہ کہنا چاہو نگی کہ جن لوگوں کے ساتھ ایسا ہوا ہے، دھوکہ جس نے بھی دیا ہے، محکمے کی طرف سے ہوا ہے چونکہ یہ الیکشن سے پہلے ہوا تھا تو وہ تو غریب لوگ ہیں، وہ تو Afford بھی نہیں کر سکتے کہ وہ رشوت دیکر اپنی Job permanent کریں تو ان کو آیا جو سات مہینے یا گیارہ مہینے ہوئے ہیں تو محکمہ ان کو تنخواہ دیگا؟ وہ تو یہ سمجھ رہے تھے کہ ہماری اپوائنٹمنٹ ہو گئی ہے، انہوں نے سروس بھی دی ہے اور سیکنڈ یہ کہ ہمارے قانون میں یہ گنجائش ہے کہ اگر ایسا کیا ہے، جن کے ساتھ دھوکہ ہوا ہے تو ان کو Permanent کیا جائے گا۔ یہ وزیر موصوف اگر کنفرم کریں کہ وہ جو بھرتی شدہ لڑکیاں ہیں، Male بھی ہیں، محکمہ پھر ان کو کنفرم /Permanent کریگا اسی Job پر؟

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: نہیں، نہیں جی۔ سپیکر صاحب! تو وہ "الراشی والمرتشی" والا قصہ ہے کہ جنہوں نے Illegal recruitment orders تقسیم کئے ہیں تو بھی سیاسی بنیادوں پر اور پیسے لیکر کئے ہیں لیکن اب جن لوگوں کو تنخواہیں نہیں مل رہی ہیں، ان لوگوں کا ریکارڈ ہی نہیں ہے، ان لوگوں نے بھی پیسے دے کر ریکروٹمنٹ کے وہ لیٹرز حاصل کئے ہیں تو محترمہ، اس طرح ہے کہ ہم اسی کی۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان کا مائیک ذرا آن کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: محترمہ کے سوال سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ جو لوگ میرٹ کے بغیر بھرتی ہوئے ہیں، جو غیر قانونی طور پر بھرتی ہوئے ہیں، ایک طرف تو ہم قانون کی بات کرتے ہیں اور جب اگر محکمہ کہتا ہے کہ غیر قانونی ہے تو ان کیلئے ریلیف کا کیا مطالبہ۔۔۔۔۔۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب! ان کو تنخواہ کہاں سے ملے گی؟ یہ ممکن ہی نہیں ہے۔ انشاء اللہ جتنی بھی ریکروٹمنٹس ہوئی ہیں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آپ کی موشن آرہی ہے اس سلسلے میں۔۔۔۔۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اوکے، سپیکر صاحب۔ مہربانی، مہربانی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں بھی اس پر کچھ بات کرنا چاہتا تھا، میرا ابھی ایک کال اٹنشن نوٹس ہے-------

جناب سپیکر: اسی میں، ہاں ایک اسی میں رکھی ہے، اس میں رکھی ہے۔ تھینک یو۔ کوئسچن نمبر 125، محترمہ سعیدہ بتول صاحبہ۔

* 125 _ محترمہ سعیدہ بتول ناصر: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائینگے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وفاقی حکومت نے 1 سے لیکر 15 گریڈ تک تمام کنٹریکٹ ملازمین بشمول اساتذہ کو مستقل کرنے کا اعلان کیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو آیا صوبائی حکومت مذکورہ اعلان پر عملدرآمد کرنے ارادہ رکھتی ہے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) اس ضمن میں یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ صوبائی حکومت کے قواعد انصرام کار مجریہ 1985ء (NWFP Govt: ROB 1985) کے مطابق تقرری، تبادلہ اور تعیناتی کے متعلق جملہ امور اسٹبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے دائرہ اختیار میں ہیں۔ جونہی محکمہ عملہ نے اس سلسلے میں کوئی پالیسی وضع کی، محکمہ ہذا کنٹریکٹ ملازمین کی مستقلی کے بارے میں وہی پالیسی اپنائے گی۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: اس میں تو، اچھا یہ قاضی صاحب جو Concerned Minister ہیں، وہ تو ابھی آئے نہیں ہیں لیکن اس میں یہ تھا کہ انہوں نے جواب جو دیا ہے، وہ یہ ہے کہ پالیسی جب اسٹبلشمنٹ وضع کرے گا تو پھر اس کے بارے میں سوچیں گے یعنی کنفرم کرینگے، ایک سے پندرہ تک جو ملازمین ہیں اساتذہ، جیسے کہ وفاقی گورنمنٹ نے کیا ہے تو میرا سوال یہ تھا کہ یہ پالیسی کون وضع کریگا؟ اور جو وزیر ہیں محکمے کے، جو منسٹر صاحب، وزیر تعلیم ہیں------

جناب سپیکر: اس کی جگہ کون جواب دے گا؟ قاضی صاحب ہیں؟ قاضی چھٹی پر ہیں تو آپ، یہ منسٹر ایجوکیشن-----

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: جی، اور یہ کیا محکمے کے وزیر، جو وزیر تعلیم ہیں، ان کو اختیار نہیں ہے کہ وہ پالیسی وضع کریں یا کہ اسٹبلشمنٹ کا اختیار زیادہ ہے؟ یہ ذرا وضاحت فرمادیجیئے۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جناب سپیکر! جو منسٹری کے دائرہ اختیار میں ہوں، وہ تو منسٹری کا دائرہ اختیار ہے لیکن اسٹبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے، ہماری فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے جو نوٹیفیکیشن آیا ہے، کنٹریکٹ ملازمین کو Permanent کرنے کے سلسلے میں اسٹبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جونہی ہمارے پاس وہ نوٹیفیکیشن آ جائیگا تو انشاء اللہ اپنے ڈیپارٹمنٹ کے جتنے بھی ہمارے کنٹریکٹ ملازمین ہیں، ان کو مستقل کرنے کا ہم نوٹیفیکیشن جاری کر دینگے۔

Mr. Speaker: Ji Bibi, satisfied?

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: نہیں، یہ نوٹیفیکشن کہاں سے آئے گا؟

وزیر بائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اسٹبلشمنٹ سے۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: اسٹبلشمنٹ سے، میرا سوال تو یہ تھا جناب سپیکر، کہ اختیار وزیر کو کس حد تک ہوتا ہے؟ اسٹبلشمنٹ کا اختیار زیادہ ہے، پالیسی وضع کرنا، اگر اسٹبلشمنٹ پالیسی وضع کرتا ہے تو کیا محکمے کے جو وزیر ہوتے ہیں، ان کو علم نہیں ہوتا یا ان کا کوئی عمل دخل اس میں نہیں ہوتا؟ اگر محکمہ چاہے پالیسی۔۔۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر ایجوکیشن، پلیز Explain کریں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ محترمہ میرے لئے بھی دعا کریں کہ میرے پاس اور بھی اختیارات زیادہ آ جائیں۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے، اسٹبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جونہی، ایک پروسیجر ہوتا ہے، ایک Criteria ہوتا ہے، اسی سے ہٹ کر اس طرح کوئی نہیں ہو سکتا، محترمہ! بالکل انشاء اللہ جونہی اسٹبلشمنٹ، ہم Pursue کرینگے انشاء اللہ، میں اس طرح لونگا کہ سیکرٹری صاحب کو کہہ دونگا کہ وہ یعنی آپ کو، ہم سب کو فکر ہے کہ ہمارے جتنے بھی کنٹریکٹ ملازمین ہیں، ان کو Permanent ہونا چاہیئے۔ انشاء اللہ ہم ان کو Pursue کر کے بہت جلد ہی جتنے بھی ہمارے کنٹریکٹ ملازمین ہیں، ان کو Permanent انشاء اللہ ہم اناؤنس کر دینگے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو۔ کوسچن نمبر 126، جناب فضل اللہ صاحب۔ شکر ہے تمہارا کوئی کوسچن آ گیا۔ (تالیاں)

جناب فضل اللہ: شکریہ سپیکر صاحب، مهربانی، ډیره مهربانی۔ دا کوئسچن چه کله ما کړے وو نو د دے نه بعد۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ نئے لوگوں کی کتنی اچھی Reception ہوتی ہے۔

جناب فضل اللہ: (قہقہہ) د کوئسچن نه بعد وزیر صاحب زما کار کړے وو، هغه مسئله حل کړے وه او زهٔ د هغه ډیر مشکور یمه، ډیر ښه سړے دے۔ (قہقہہ) کوئسچن نه بعد زما مسئله حل شوے وه، زهٔ مطمئن یمه۔

Mr. Speaker: Not pressed.

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر صاحب، فضل اللّٰه د لږ دا وضاحت اوکړی چه مسئله څه وه؟

جناب سپیکر: ټهیک شوه، ټهیک شوه۔ ټهیک شوه، په شپږ میاشتو کښې ئے یو کوئسچن اوکړو اوهغه هم۔۔۔ جناب ذاکر اللّٰه خان صاحب، کوئسچن نمبر45۔ جی،.Not present جی، لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر، کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ جناب سپیکر، پچھلے سیشن میں، پچھلے جمعہ کو میں نے ایک ایشو پر بات کی تھی کہ 'ایرا' اور 'پیرا' کے جو انچاس کلو میٹر میرے حلقہ میں روڈز ہیں، جن پر میرے تین ساڑھے تین سال کی محنت ہے اور اب ان پر کام شروع ہوا ہے، تو اس کیلئے نوٹیفیکیشن لایا ہے میرے ایم این اے نے کہ ہم اس پر Inauguration plate اور Ground plating, Inauguration لگائیں گے تو اس پر یہاں میں نے ریکویسٹ کی تھی، مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے، میں نے اپنے ایم این اے کیلئے لوگ بھی جمع کئے اور سب کچھ کرونگا لیکن اس پلیٹ پر میرا بھی نام ہونا چاہیئے کیونکہ وہ محنت میری ہے، ابھی یہ لوگ آئے ہیں۔ تو اس پر آپ نے گورنمنٹ سے پوچھا تھا تو سینیئر منسٹر بشیر بلور صاحب نے Assurance دی تھی اور پھر میں نے ڈی جی پیرا سے بات بھی کرائی تھی۔ باوجود اس کے کہ پہلے دن سی اینڈ ڈبلیو والوں نے میری پلیٹ اس کے ساتھ بنائی، رات کو اس پلیٹ کو اٹھا کر پھر ایم این اے کی پلیٹ لگا دی گئی اور صبح جب میرے سینکڑوں آدمی آئے اور میں آیا تو میرے لئے بڑی Embarrassment ہوئی۔ میں نے کوشش کی کہ وہاں لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ نہ بنے، اپنے طریقے سے لوگوں کو میں نے وہاں مطمئن کیا لیکن میرے ساتھ سر، انتہائی زیادتی ہوئی ہے اور آئندہ میرے ان پانچ اضلاع کے جو ایم پی ایز ہیں، ان کے ساتھ بھی یہ زیادتی ہو گی۔ اس چیز کو میں نے بڑے وقت سے اٹھایا تھا، 22-07-2008 کو چیف منسٹر صاحب کے ساتھ۔ تو چیف منسٹر صاحب نے مہربانی فرمائی تھی اور پرائم منسٹر سیکرٹریٹ کو لکھا تھا اور اس پر ان کے یہ Comments ہیں کہ Concerned MPA should also be involved on the same basis as MNA is، یہ لکھ کر

انہوں نے یہ 26-07-2008 کو یہ پرائم منسٹر سیکرٹریٹ کو بھی بھیج دیا۔ اس پر بھی کوئی Implementation نہ ہوئی اور پھر جو اس ہاؤس میں، اس آنریبل ہاؤس میں اور آنریبل سپیکر نے جو بات گورنمنٹ سے مانگی اور گورنمنٹ نے Assurance نے بھی دی اور اس کے بعد آنریبل سینیئر منسٹر بلور صاحب سے، میں نے ڈی جی سے بات بھی فون پر کرادی، ڈی جی کے آفس میں بھی میں گیا لیکن پیرا والے اور ڈی آر یو والوں نے میرے ساتھ زیادتی کی اور یہ میری ایک بہت بڑی، اس میں میری بے عزتی ہوئی ہے حلقے میں، میں اسلئے اس وقت تک میں سمجھتا ہوں کہ مجھے اس ہاؤس میں نہیں بیٹھنا چاہیئے جب تک آپ کی طرف سے، آپ کے ہوتے ہوئے مجھے اگر تحفظ نہیں ملتا تو میں اپنے لوگوں، اپنے عوام کیلئے کیا بات کرونگا؟ میں نے یہ پچاس ساٹھ کروڑ کا کام جو میں نے اپنی کوشش سے کروایا، اس پر میرے ایم این اے نے تختی لگائی۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، میں نے خود اس کیلئے لوگ جمع کئے لیکن اس پر اگر میرا نام ہو جاتا اور اس صوبائی گورنمنٹ کا اس میں شیئر ہو جاتا اور پیرا کے وہ کام تھے، تو اس میں کیا حرج تھا؟ جناب سپیکر، گورنمنٹ کی طرف سے مجھے میری اس پلیٹ پر میرا نام، اس کے بعد میرے پانچ اضلاع کے ایم پی ایز کے نام Inauguration میں نہیں ہونگے تو یہ بعد کی بات ہو گی، میرے ساتھ تو جو ہو گیا سو ہو گیا۔ جناب سپیکر! ــــــــ

<u>جناب سپیکر</u>: جب لیڈر آف دی ہاؤس ہونگے، یہ مسئلہ آپ اس وقت اٹھائیں گے۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: جی، جی؟

<u>جناب سپیکر</u>: لیڈر آف دی ہاؤس جب موجود ہونگے تو اس وقت آپ یہ مسئلہ دوبارہ اٹھائیں۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: لیڈر آف دی ہاؤس۔

<u>جناب سپیکر</u>: چیف منسٹر صاحب۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: وہ تو سر، ہمارے تو لیڈر آف دی ہاؤس، جو بھی آپ کرائیں گے، آپ کرائیں گے، آپ جناب سپیکر، بیٹھے ہوئے ہیں ہم پر۔ اس فورم کے علاوہ ہمارا کونسا فورم ہے اور دوسرا میں اپوزیشن میں ہوں، اپوزیشن کی تو روایت یہ ہے کہ اس کو دیوار سے لگایا جائے اور یہ ایک مثال میں نے آپ کے سامنے پیش کر دی، پھر ہم سے تعاون کی باتیں کی جاتی ہیں اور گورنمنٹ ہمیں دیوار سے لگاتی ہے۔ مجھے دیوار سے نہیں لگایا، انہوں نے صوبائی گورنمنٹ کو لگایا، اس ہاؤس کو دیوار سے لگایا۔ میری یہ بے عزتی نہیں ہوئی، یہ پورے ہاؤس کیلئے مسئلہ ہے کہ ایم پی اے کے جو کام ہونگے، وہ کام کرینگے اور بلور صاحب شکر ہے

آ گئے ہیں، انہوں نے Assurance دی، انہوں نے ڈی جی سے بات بھی کی، باوجود اس کے کہ اس پلیٹ پر میرا نام نہیں لکھا گیا اور میرے لئے کتنی بڑی Embarrassment ہے، اگر یہی بات بشیر بلور صاحب کے ساتھ ہو جاتی، یہی بات ٹریژری بنچز کے ساتھ ہو جاتی تو اس کا وہ کیا کرتے؟ میرے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہوئی ہے جناب سپیکر، میں اس وقت تک اس ہاؤس میں نہیں بیٹھونگا جس وقت تک اس پلیٹ پر آپ آرڈر نہیں کرینگے کہ اس کا نام لکھا جائے، اس میں کسی کا کوئی نقصان نہیں ہے۔ چونکہ میرے لوگ دکھی ہو گئے ہیں، میرے حلقے کے لوگ دکھی ہیں تو میں انکے دکھ کی وجہ سے یہاں یہ بات کر رہا ہوں اور اس پر Implement کیا جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب منسٹر صاحب، بشیر بلور صاحب آ گئے، چلو اچھا ہے۔

<u>جناب بشیر احمد بلور [سینیئر وزیر (بلدیات)]:</u> میں معذرت خواہ ہوں لودھی صاحب سے اور لودھی صاحب سے میں نے فلور آف دی ہاؤس پر Commitment بھی کی ہے اور میں نے لودھی کے سامنے Concerned Director General کو ٹیلیفون پر بھی کہا ہے کہ لودھی صاحب بھی موجود ہونگے اور ان کا نام بھی لکھا جائے گا، اس نے نہیں کیا ہے تو میں بالکل ان سے اتفاق کرتا ہوں کہ آپ استحقاق کی تحریک پیش کریں، ہم اس کی حمایت کرینگے اور اس کو بلائیں گے کہ کیوں آپ کو نہیں چھوڑا؟

(تالیاں)

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر، دیکھیں قیامت کب آئے گی، اربوں سال لگیں گے لیکن جو آج مر جاتا ہے، اس کیلئے اسی وقت قیامت شروع ہو جاتی ہے۔ میرے لئے تو قیامت شروع ہو گئی ہے، میرے اوپر تو قیامت ٹوٹ گئی اور آپ مجھے استحقاق کیلئے کہتے ہیں۔ آپ اگر ڈی جی کو ڈائریکٹیو بھیجیں کہ اس پلیٹ پر میں اپنا نام لکھوانا چاہتا ہوں، ورکس اینڈ سروسز والے نام لکھیں گے اس پر، Inauguration ہو گئی، میرے سینکڑوں لوگ وہاں آ گئے، سب کچھ ہو گیا۔ میں نے لوگوں کو سنبھال بھی لیا، امن و امان کا مسئلہ بھی نہیں بنایا اور آپ کے سی اینڈ ڈبلیو کے سارے افسران وہاں ہیں لیکن یہ آپ ابھی ڈائریکٹیو کریں کہ اس پلیٹ پر میرا نام لکھیں اور آئندہ میرے ایم پی ایز جو پانچ اضلاع کے ہیں، Earth quake affected areas کے، انکے ساتھ بھی اسی طرح سے ان کے نام، ایم این ایز کے ساتھ ہونے چاہئیں جی، اس میں کیا حرج ہے جی؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی، بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): دیکھیں لودھی صاحب، آپ ہمارے بزرگ ہیں اور آپ پرانے پارلیمنٹرین ہیں، ہم رولز کے تحت چلیں گے، آئین اور قانون موجود ہے، اگر آپ استحقاق کی تحریک لائیں گے، اگر انہوں نے زیادتی کی ہو گی تو Punishment ہو گی۔ جب ایک آفیسر کو Punish کیا جائے تو اس کی نوکری کے جانے کا بھی خطرہ ہے۔ جیسے آپ فرمارہے ہیں، میں نے تو ٹیلیفون آپ کے سامنے کیا، اس نے میری بھی نہیں مانی اور اس نے علاقے کے لوگوں کے ساتھ زیادتی کی ہے۔

حاجی قلندر خان لودھی: آپ ڈائریکٹیو کریں، اس میں کیا ہے؟

سینیئر وزیر (بلدیات): کوئی سنٹرل گورنمنٹ کا نمائندہ ہے، ہم اس کے خلاف۔۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

حاجی قلندر خان لودھی: ڈی جی کر رہا ہے، ڈی جی آپ کے Under ہے، ڈی جی آپ کے Under ہے، سر۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بہر حال میں Commit کر رہا ہوں فلور آف دی ہاؤس پر کہ میری بھی بات نہیں سنی گئی، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں / شور)

Mr. Speaker: No cross talking, no cross talking, no cross talking. Please address the chair.

سینیئر وزیر (بلدیات): میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ پریویلیج موشن لائیں، آپ پریویلج موشن لائیں، ہم اس کے خلاف ایکشن لیں گے۔ آپ پریویلیج موشن لائیں، میں نے یہ بات چیف منسٹر سے بھی کی ہے، آپ پریویلیج موشن لائیں، ہم اس کی حمایت کرتے ہیں، اس کو بلائیں گے آپ کے سامنے، جو ہم سے ہو سکا، ہم اس کے ساتھ کریں گے، اس کے بغیر اسمبلی میں کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر۔۔۔۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔۔۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: One man.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، اس کو پریویلیج موشن میں Convert کر لیں۔ میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں سر، کہ اس کو پریویلیج موشن میں Convert کریں جی۔

جناب سپیکر: پریویلیج موشن آپ In writing لے آئیں، In writing دے دیں۔

حاجی قلندر خان لودھی: اچھا جی۔

جناب سپیکر: ہو گیا جی۔ شاہ حسین صاحب۔ شاہ حسین صاحب کا مائیک آن کریں۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر، پانچ اضلاع ہیں جہاں زلزلہ ہوا ہے، ان پانچ اضلاع میں زیادہ سے زیادہ سات یا آٹھ ایم این ایز ہونگے اور آپ انیس یا بیس اکیس ایم پی ایز ہیں۔ سر، ایم پی ایز کے نام نہیں آتے ہیں، وہ نہیں کر سکتے افتتاح کسی سکیم کا اور سارے ایم این ایز کرتے ہیں اور پرائم منسٹر صاحب نے نوٹیفیکیشن بھی جاری کیا تو ہمارے چیف منسٹر صاحب کو بھی ایک نوٹیفیکیشن جاری کرانا چاہیئے کہ بھئی ہمارے ایم پی ایز بھی اس میں شامل ہوں کہ وہ اسکا افتتاح کرینگے۔ یہ ان کا نہیں ہے، قلندر لودھی صاحب کا مسئلہ نہیں ہے، یہ تو حل ہو جائیگا، یہ افتتاح ہوتے رہیں گے اور کھربوں روپے کا تخمینہ ہے تو اس میں ہم پھر کیا کریں گے؟ ہمارے ایم پی ایز کا Value ہوگا تو یہ بات نہیں، یہ تو حل ہو جائیگا، یہ پورا مسئلہ ہے اور آئندہ دس سالوں کیلئے مسئلہ ہے سر۔

جناب سپیکر: یہ موشن لے آئے گا تو سب اس کو پریس کریں گے تو سب کا مداوا ہو جائیگا۔

## غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

28 _ جناب عبدالستار خان: کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف۔63، کوہستان میں بیرونی امداد پر چند منصوبے شروع کئے گئے ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ منصوبے کتنے اور کونسے ہیں، ان منصوبوں کی تکمیل میں کونسے ادارے کام کر رہے ہیں، نیز ہر منصوبے کا کل تخمینہ اور کام کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب رحیم داد خان [سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقیات)]: (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) بارانی ایریا ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ فیز۔II ضلع کوہستان میں 2003ء سے اپنے منصوبے چلاتا آ رہا ہے، یہ پراجیکٹ 31 دسمبر 2008ء تک پایہ تکمیل کو پہنچے گا۔ یہ پراجیکٹ ایشائی ترقیاتی بنک، بین الاقوامی ادارہ برائے زرعی ترقی اور حکومت صوبہ سرحد کے مالی تعاون سے کام کر رہا ہے جبکہ سماجی ترقیاتی تنظیمیں بھی اس میں مالی معاونت فراہم کرتی ہیں۔ اب تک ضلع کوہستان میں اس پراجیکٹ کے توسط سے 139.537 ملین روپے خرچ ہو چکے ہیں۔ ضلع کوہستان میں یہ پراجیکٹ درج ذیل شعبوں میں کام کرتا آ رہا ہے۔

- دیہی سطح تک ترقی (19.49) ملین روپے۔
- قدرتی وسائل کا انتظام (35.79) ملین روپے۔
- انفراسٹکچر (60.165) ملین روپے۔
- ادارہ جاتی اخراجات (24.092) ملین روپے۔

مندرجہ بالا کاموں کی تکمیل میں مندرجہ ذیل ادارے سر گرم عمل ہیں:

1۔ ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ، 2۔ سوئل کنزرویشن ڈیپارٹمنٹ، 3۔ محکمہ جنگلات، 4۔ زرعی توسیع ڈیپارٹمنٹ، 5۔ زرعی تحقیق ڈیپارٹمنٹ، 6۔ محکمہ آبپاشی، 7۔ پی کریٹ (PCRATE)، 8۔ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیویلپمنٹ، 9۔ لاسونہ (غیر سرکاری تنظیم)، 10۔ انڈس کنسلٹنٹ (پرائیویٹ لمیٹڈ) (ماہرین سڑک) (تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے)

59 _ <u>ڈاکٹر ذاکر اللہ خان:</u> کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ملاکنڈ ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ (MRDP) کے دفتر میں ٹیلیفون ایکسچینج اور انٹرنیٹ سروسز کیلئے ضروری آلات (Equipments) لگائے گئے ہیں جن کی تین چار بار مرمت کی گئی ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ دفتر میں واٹر سپلائی کیلئے واٹر پمپ نصب کیا گیا ہے اور اس کی ایک دو بار مرمت کی گئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ بالا تمام کاموں کے بنیادی اخراجات، مرمت اور دیگر اخراجات کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؛ نیز مذکورہ بالا آلات کی موجودہ صورتحال کیا ہے کہ وہ چالو حالت میں ہیں یا نہیں؟

<u>جناب رحیم داد خان [سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی)]:</u> (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) ان پر سالانہ اوسطاً اخراجات بالترتیب 11,800 روپے اور 17000 روپے ہیں، مزید یہ کہ دونوں فعال ہیں۔ (تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے)

45 _ <u>ڈاکٹر ذاکر اللہ خان:</u> کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائینگے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ خزانہ نے مختلف محکموں کی طرف سے بقاجات بجلی کی مد میں سال 2003-04 کے دوران ادائیگی کی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو جن محکموں کی طرف سے بجلی کے بقایاجات کی مد میں ادائیگی کی گئی ہے، ہر محکمے کی رقم کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): (الف) ضلعی حکومتوں کے قیام کے بعد بجلی کے بلوں کی بروقت ادائیگی نہیں ہو رہی تھی جسکی وجہ سے بقایاجات بہت بڑھ چکے تھے۔ محکمہ خزانہ نے بجلی کے بقایاجات کی ادائیگی کیلئے پیسکو سے مہیا کردہ بقایاجات کی تفصیل لیکر انکا کچھ حصہ مالی سال 2003-04 میں ادا کیا۔ چونکہ محکمہ جات کی ادائیگی نہ کرنے سے بقایاجات پر سرچارج لگتا ہے اور پھر واپڈا بجلی کے منافع سے بقایاجات منہا کر لیتا ہے، مزید بروقت ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں بجلی کی بندش عوام کیلئے تکلیف کا باعث بن سکتی تھی۔

(ب) جن محکموں کی طرف سے بجلی کے بقایاجات کی مد میں ادائیگی کی گئی ہے، انکی تفصیل حسب ذیل ہے:

| نمبر شمار | نام سرکاری محکمہ (صوبائی) | ٹوٹل رقم |
|---|---|---|
| 1 | صوبائی سرکاری محکمہ جات | 214.000 |
| 2 | پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (ضلعی سطح پر) | 316.000 |
| 3 | میونسپل کمیٹیز / ٹی ایم ایز | 213.000 |
| 4 | ٹاؤن کونسل | 50.000 |
| 5 | ضلع / یونین کونسلیں | 7.000 |
| ٹوٹل | | 800.000 |

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں آئی ہیں؛ جناب ڈاکٹر ذاکر اللہ صاحب، ایم پی اے، 28 اگست 2008 کیلئے؛ جناب محمد زمین خان، ایم پی اے، 26 اگست 2008 کیلئے؛ قاضی محمد اسد صاحب، وزیر تعلیم، 26 اگست تا 28 اگست 2008؛ مسماۃ نسیمہ شاہین صاحبہ، ایم پی اے، 26 اگست 2008 کیلئے، Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

## جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: میڈم سپیکر، قومی اسمبلی کی طرف سے ایک ریکویسٹ آئی ہے کہ قومی اسمبلی کے سپیکر کا ایک ریلیف فنڈ باجوڑ ایجنسی کے متاثرین کیلئے قائم ہوا ہے جس میں الائیڈ بینک پارلیمنٹ ہاؤس کا برانچ کھولا گیا ہے اسلام آباد میں، جس میں ممبران قومی اسمبلی نے ایک ماہ کی تنخواہ جمع کرائی ہے۔ان کی درخواست یہ ہے کہ یہ مسئلہ چونکہ آپ کے سرحد اور ملحقہ قبائلی علاقوں کا ہے تو اس مقصد کیلئے آپ سے بھی وہ درخواست کرتی ہیں کہ جو ممبران صاحبان اس کار خیر میں حصہ لینا چاہیں، وہ مذکورہ اکاؤنٹ میں اپنی رقم جمع کرا سکتے ہیں۔آپ ہی کی صلاح مشورے کے بعد یہی فنڈ آپ کے ہاتھ صرف ہوگا۔منسٹر ایریگیشن اس وقت ہال میں موجود نہیں ہیں، انہوں نے ایک سپیشل کمیٹی، Disasters Management Committee کیلئے ریکویسٹ کی تھی تو وہ آج Constitute ہوئی ہے، آج میں وہ نوٹیفیکیشن کر رہا ہوں جو سپیکر کی سربراہی میں ہوگی جس میں دونوں سینیئر منسٹر صاحبان، منسٹر ایگریکلچر، منسٹر ریونیو، منسٹر ایریگیشن، عالمزیب خان، Mover/ ایم پی اے، ملک طماش خان اور چارسدہ سے شکیل بشیر عمرزئی صاحب، کوہستان سے محمود عالم صاحب، زیاد اکرم صاحب بنوں سے، میجر لطیف اللہ خان علیزئی ڈی آئی خان سے، قلب حسن صاحب کوہاٹ سے، ذاکر اللہ خان دیر سے، عبدالاکبر خان مردان سے، ان کا نوٹیفیکیشن ہو چکا ہے۔اس کمیٹی۔۔۔۔۔

جناب محمد علی شاہ باچا: جناب سپیکر! تا سو پکښې د ملاکنډ څه ذکر۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر ذاکر ملاکنڈ سے ایک ہو چکا ہے، ملاکنڈ سے ایک ہو چکا ہے۔

جناب غلام محمد: کرک کا کوئی نمائندہ نہیں ہے۔

جناب سپیکر: کوہاٹ، کرک کا حصہ ہے۔ کرک ځان له ډویژن دے ؟ کرک کوہاٹ ڈویژن میں آرہا ہے نا۔اس کے Terms of references جو ہیں۔۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: ہزارہ کی نمائندگی نہیں ہے۔جناب سپیکر، ہزارہ ایک ڈویژن ہے اور کافی بڑا علاقہ بھی ہے۔

جناب سپیکر: اس بندے کو آپ ہزارے کا نہیں مانتے؟آپ ذرا کھڑے ہو جائیں، ریونیو منسٹر صاحب۔ ریونیو منسٹر صاحب! کھڑے ہو جائیں تاکہ آپ کو کوئی پہچان سکے کہ ہزارے کی نمائندگی ہوئی ہے۔ابھی یہ

نوٹیفکیشن ہو چکا ہے۔ آپ پھر، جن کی Grievances ہوں، وہ میرے ساتھ چیمبر میں ملیں۔ تھینک یو۔

## مسئلہ استحقاق

Mr. Speaker: Item No. 5. 'Privilege Motions'. Malik Qasim Khan Khattak, to please move his Privilege Motion No. 15 in the House. Malik Qasim Khan Khattak.

جناب ڈپٹی سپیکر: میں نے تو عرض یہ کیا ہے کہ اجازت دی جاتی ہے لیکن آپ بیٹھ جائیں اور متفقہ قرارداد پیش کر لیں، سب کی وہ بھی ہو جائے گی اور مطلب ہے قرارداد، آپ اکٹھے بیٹھ جائیں۔ پیر صاحب! آپ ہو جائیں، میاں صاحب ہو جائیں، قلندر لودھی صاحب ہو جائیں، شاہ حسین صاحب ہو جائیں، آپ اکٹھے بیٹھ کر متفقہ طور پر ایک، سب کا مسئلہ ہے، سب ممبران کا مسئلہ ہے، تو لہٰذا متفقہ طور پر آپ پیش کر لیں، کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ شکریہ۔

## آرڈیننس ہا

Mr. Speaker: Next, Item No. 8. The Honourable Minister for Higher Education, NWFP, to please lay on the table of the House the 'Islamia College University Peshawar Ordinance, 2008'. The Honourable Minister.

Barrister Arshad Abdullah (Miniser for Law): Sir, on behalf of the concerned Minister, I would like to lay before this august House the 'Islamia College University Peshawar Ordinance, 2008' for its consideration. Thank you.

Mr. Deputy Speaker: It stands laid. Thank you very much. Item No.9. The Honourable Minister for Local Government, NWFP, to please lay on the table of the House the 'NWFP Local Government (Amendment) Ordinance, 2008'. The Honourable Minister.

Senior Minister for Local Government: Thank you very much. I beg to lay on the table of the House the 'North-West Frontier Province, Local Government (Amendment) Ordinance 2008'.

Mr. Deputy Speaker: It stands laid. Now Item No.10. The Honourable Miniser for Law, on behalf of the Honourable Chief Minister, NWFP, to please lay on the table of House the 'NWFP Ministers (Salaries, Allowances and Privileges) (Amendment) Ordinance, 2008'.

Barrister Arshad Abdullah (Miniser for Law): Thank you…...

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر صاحب! یہاں پر چیف منسٹر نے اس ہاؤس میں اعلان کیا تھا کہ Per month, ایک ہفتہ کے اندر اندر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: تو آپ سمجھتے ہیں کہ اس کی یہ آپ چیف منسٹر اور منسٹروں کیلئے زیادہ کر رہے ہیں اور منسٹرز جو ہیں، جو Already privileges لے رہے ہیں، تو کیوں نا یہ اس کے ساتھ ملا کر اکٹھے اسکو پیش کریں جناب سپیکر؟ اس کو وہ پیش کرنے کیلئے، نہ پیش کریں، یہ اکٹھے پیش کریں۔ کیوں ان پر، کیا ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ سارے تشریف رکھیں، میں ابھی بات، آپ تشریف رکھیں۔

(شور، قطع کلامیاں)

Miniser for Law: Order may kindly be maintained in the House.

(Pandemonium)

Mr. Deputy Speaker: Arshad Abullah, Mr.Arshad Abullah.

Minister for Law: Sir, I, on behalf of the Honourable Chief Minister, NWFP, present before this House the 'North West Frontier Province Ministers (Salaries, Allowances and Privileges) (Amendment) Ordinance, 2008' for its consideration. Thank you.

Voices: No.

Mr. Deputy Speaker: It stands laid subject to that the Minister Law concerned is directed to also move such like Bill in respect of Salaries, Privileges of the Honourable Members.

(Applause)

Minister for Law: Sir, I wish to inform this august House that already the Finance Department and the Law Department are working to enhance the privileges, salaries……..

(Pandemonium)

Mr. Deputy Speaker: Now coming to ……..

Minister for Law: It will be introduced shortly, immediately.

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں۔ خیر ہے، کوئی ایک۔۔۔۔

(شور)

Mr. Deputy Speaker: Now coming to Item Nos.11 and 12……

ملک قاسم خان خٹک: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ملک قاسم صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: ډیره د افسوس خبره ده مونږه ځومره اهم معزز ممبران اسمبلی چه راغلی یو چه مونږه د تنخواه غمونه کوؤ، زهٔ خو خپله آفر کوم چه بحیثیت ایم پی اے پکار دا دی چه په تنخواه باندے مونږه د هغوی نه، دا عزت لږ دے چه دے قوم ورکړے دے؟ ډیره د افسوس خبره ده، دا صرف مونږه تنخواه ته خو نه یو راغلی او بیا د هغے نه بعد د داسے پارټئ معزز ممبران، وزیران چه هغوی د تنخواه مطالبه کوی، دا به د دے قوم څه کیږی؟ دا به څه حالات وی چه مونږه د تنخواه خبرے کوؤ چه تنخواه زیاته کړئ؟ کلاس فور ته تنخواه زیاته کړه، څه نچهلی درجے سرکاری ملازمین ته،ایم پی ایز چه په تنخواه باندے، دا ډیر زیاتے دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک قاسم صاحب! آپ تشریف رکھیں، تشریف رکھیں۔ یہ غلط بات ہے، سب کا حق ہے، ہمارے ایم پی ایز صاحبان کو بھی تکلیف ہے اور مشکلات ہیں، منسٹرز صاحبان کی بھی مشکلات ہیں، تنخواہ سب کا حق ہے۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے، یہ زیادتی ہے۔ ہم سب مطلب ہے وہ کر رہے ہیں، یہ ٹھیک بات ہے۔ آپ تشریف رکھیں۔ نور سحر صاحبہ، نور سحر، نور سحر صاحبہ۔ نور سحر! آپ مائیک آن کریں پلیز، نور سحر کا مائیک آن کریں پلیز۔

محترمہ نور سحر: تھینک یو، سپیکر سر۔ سر، میں گزارش کرتی ہوں کہ اگر ان کے، منسٹرز کے جو الاؤنسز آرہے ہیں، تو ان سے پہلے ہم نے سیلری کا مطالبہ کیا ہوا تھا تو ان کا اور ہمارا ایک ساتھ کیوں نہیں آیا؟ یہ وعدہ تو کر رہے ہیں لیکن وعدہ کب تک پورا ہوگا، چھ مہینے، سات مہینے، دس مہینے؟ ایک ساتھ ہونا چاہیئے، ایک ساتھ ہمارا ان کا پیکج ہونا چاہیئے اور معزز ممبر کے جواب میں کہنا چاہتی ہوں، یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم یہاں پر پیسوں کیلئے نہیں آئے ہیں، یہ بات ان کی اپنی جگہ صحیح ہے، ہم عزت کیلئے آئے ہیں، ہم عوام کی خدمت کیلئے آئے ہیں لیکن یہ سب کچھ اس مہنگائی کے دور میں بغیر پیسے کے نہیں ہو سکتا۔ یہاں سب کو پتہ ہے کہ بغیر پیسے کے، لودھی صاحب کو میں نے کہا تھا کہ دس روپے جیب میں نہ رکھیں تو اس اسمبلی سے دس قدم بھی کوئی آگے نہیں جا سکتا، تو اگر ہمیں گاڑیاں اور گھر اور یہ چیزیں نہیں ملیں گی تو ہم یہاں پر کس طرح رہیں گے؟ اور بعض ممبران کے حالات بھی وہاں پر خراب ہیں تو حالات کی وجہ سے بھی آپ دیکھ لیں، سب یہاں پر Settle ہو گئے ہیں، تو یہاں پر لوگ کھاتے بھی ہیں، پیتے بھی ہیں، رہتے بھی ہیں، بچے بھی ہیں، لوگوں کے مسئلے بھی ہیں، تو اگر ہم سب گھر بار کو چھوڑ کر یہاں پر آئے ہوئے ہیں تو فاقے تو نہیں کر سکتے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نور سحر! آپ تشریف رکھیں، آپ تشریف رکھیں۔

Mst: Noor Sahar: Thank you, Sir.

## مسودہ قانون

## خیبر میڈیکل یونیورسٹی (ترمیمی) بل مجریہ 2008

Mr. Deputy Speaker. Now coming to Item No. 11 and 12. The Honourable Minister for Health, NWFP, to please move that the 'Khyber Medical University (Amendment) Bill, 2008' may be taken into consideration at once. The Honourable Minister.

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): شکریہ، جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ خیبر میڈیکل یونیورسٹی (ترمیمی) بل، 2008 کو فوری طور پر زیر غور لایا جائے۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the 'Khyber Medical University (Amendment) Bill, 2008' may be taken into consideration at once. Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage', sub-clause (1) of clause 1, since no amendment has been moved by any Honourable Member in sub-clause (1) of clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House is that sub-clause (1) of clause 1 of the Bill may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Sub-clause (1) of clause 1 stands part of the Bill. Amendment in sub-clause (2) of clause 1. Mr. Abdul Akbar Khan and Mr. Israrullah Khan Gandapur, Honourable MPAs, to please move their identical amendment in sub-clause (2) of clause 1 of the Bill, one by one. Mr. Abdul Akbar Khan.

Mr. Abdul Akbar Khan: Sir, I beg to move that sub-clause (2) of clause 1, may be deleted.

Mr. Deputy Speaker: Now Mr. Israrullah Khan Gandapur, please.

Mr. Israrullah Khan Gandapur: Sir, I beg to move that sub-clause (2) of clause 1, may be deleted.

Mr. Deputy Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan, please.

جناب عبدالاکبر خان: اجازت دی جائے۔ جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ میں نے اور خاص طور پر اسرار خان نے یہ جو Amendments move کیں، اگر آپ اس کی Wordings کو دیکھیں "It shall come into four"، یہ 'Force' ہے کہ 'Four' ہے؟

Mr. Deputy Speaker: Into force.

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، Wording ہمارے پاس جو ہے، وہ 'Four' ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: It shall come into force, کیونکہ 'Force' آتا ہے، 'Force' ۔
جناب عبدالاکبر خان: ہمارے اس Wording، ہمیں جو ملا ہے، اس میں تو Four ہے، ٹھیک ہے آپ Force لیتے ہیں۔

Mr. Deputy Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan! It may be a mistake, a clerical mistake, clerical mistake an error.
Mr. Abdul Akbar Khan: Okay, okay, Sir, I want to identify this.
Mr. Deputy Speaker: But it is the word 'into force'.

جناب عبدالاکبر خان: اچھا سر! "It shall come into force at once" اور اس میں ان Wordings کو دیکھیں اور لیجسلیشن میں یہی چیز ہوتی ہے جناب سپیکر، It shall be deemed ------to have been

Mr. Deputy Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan! What do you say, what do you say?

جناب عبدلاکبر خان: سر، آپ اس کلاز کو دیکھیں کہ ------

Mr. Deputy Speaker: It shall come into force……….
Mr. Abdul Akbar Khan: It shall be deemed to have taken effect on 13th day of January, 2007, the day on which the 'Khyber Medical University Act, 2006' came into force.

اب سر، یہ Validation مانگ رہے ہیں، ان Actions کا یا ان چیزوں کا، جو ایک سال پہلے یہ کر چکے۔ اب جناب سپیکر، جو بھی لیجسلیشن ہوتی ہے، لیجسلیشن کی یہ خوبی ہوتی ہے کہ اس پر آپ بہت کام کریں گے، سوچ سمجھ سے کریں گے، ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مشورے سے کریں گے اور جب آپ ایک دفعہ لیجسلیشن کرتے ہیں تو پھر اس میں ٹھیک ہے، وہ تو اپنے ساتھ آپ کچھ اے بی سی Amendments کا، چھوٹی Amendment آپ لا سکتے ہیں لیکن کل بھی اسی ہاؤس نے ایک Bad legislation کو چھ سال کا Retrospective effect دے دیا، آج پھر ایک سال کے دوران جو بھی اس میں ہوا ہے جو کہ اسکا حصہ نہیں تھا، اگر کچھ ہوا ہے تو اس کا Retrospective effect آج اس اسمبلی سے مانگا جارہا ہے، اسلئے ہم کہتے ہیں جناب سپیکر، کہ ہمیشہ لیجسلیشن بہت سوچ سمجھ کر، اور بہت حد تک محنت بھی کی جاتی ہے، اب ڈیپارٹمنٹ کو During the course of year شاید یہ پرابلم آئی ہو کہ بھئی ہم سے یہ غلطی ہو گئی، یہ کمی ہو گئی یا تو اس وقت Amendment کو لانا چاہیئے تھا، اگر Amendment نہیں لاتے تو اس کا مطلب ہے کہ انہوں نے کچھ کام ایسے کئے ہیں کہ Retrospective effect آج ہم سے

مانگ رہے ہیں۔ جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ کلاز غیر ضروری کلاز ہے، اگر ان کو Amendment کی ضرورت ہے تو آج سے، ابھی سے، اس کے بعد، اس اسمبلی کے پاس ہونے کے بعد Amendments کی Enforcement ہوتی ہے۔ آج ہم یہ Amendment ایک سال پہلے کی طرف لیا جارہا ہے جناب سپیکر، بعد میں اور بھی Amendments ہیں، ہم اس یونیورسٹی کے خلاف نہیں لیکن ہم چاہتے ہیں کہ ایک ایسی لیجسلیشن ہو تاکہ کل پھر کوئی اور لیجسلیشن آئے کہ تین سال بعد Retrospective effect ہم تین سال کے بعد نہ دیں۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

Mr. Deputy Speaker: The Minister concerned, Janab Israrullah Khan Gandapure.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔ اس میں میری Submission یہ ہوگی کہ ایسا تو سر، پی سی اوز میں ہوتا ہے کہ جب بھی کوئی مارشل لاء لگتا ہے، پی سی او آتا ہے تو پھر وہ Validation، جب پارلیمنٹ بیٹھتی ہے تو وہ Validation کرتی ہے اور یقیناً یہ لیجسلیشن کے حوالے سے Bad precedent ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ منسٹر صاحب کو چارج سنبھالے ہوئے چند ماہ ہوئے ہیں، سیکرٹری صاحب ہمارے نئے ہیں لیکن سر، ڈیپارٹمنٹ پورا، سیکشن آفسر سارے تو تبدیل نہیں ہوئے۔ اگر اس قسم کی لیجسلیشن تھرو سیکرٹری منسٹرز کے پاس آتی ہے اور آخر میں اس پر ربڑ سٹمپ لگتا ہے پراونشل اسمبلی کا، تو میرے خیال میں یہ کوئی اچھی روایات ہم قائم نہیں کر رہے ہیں۔ ہم سر، یہ سمجھتے ہیں کہ جس وقت یہ لیجسلیشن ہو رہی تھی، اس کا اتنا بڑا پلندا تھا اور اس پر سر، کافی Amendments آئی تھیں، بہت سی ہمارے عبدالاکبر خان صاحب کی تھیں لیکن اس وقت کی گورنمنٹ نے کوئی توجہ نہ دی۔ انہوں نے ایسا گھمبیر سا مسئلہ بنا دیا تھا لیکن پھر بھی سر، وہ میجارٹی کی وجہ سے پاس ہو گئی۔ اب یہ میجارٹی ان کے پاس ہے، یقیناً یہ پاس بھی ہو نگی، ہم سمجھتے ہیں لیکن یہ ہے کہ ہم بطور نمائندے حکومت کے نوٹس میں لاتے ہیں، ان کا جو مدعا ہوگا، وہ بھی کھل کر ہاؤس کے سامنے رکھیں گے۔ ہمارا مقصد یقیناً اس لیجسلیشن کو روکنا بھی نہیں ہے کیونکہ جو منسٹر صاحب کے، جو سیکرٹری صاحب کے خیال میں باتیں ہیں، ان میں اپنی جگہ وزن یقیناً ہوگا جب وہ لے کر آتے ہیں ایک ڈیڑھ سال کا پرانا، نہ ان کے اپنے Tenure کا ہے کہ ہم ان کو دوش دیں بلکہ یہ اس حکومت کا ہے جو اب اقتدار میں نہیں رہی۔ تو میرا سر، اس میں یہ خیال ہے کہ یہ نکتہ اور اس پر پارلیمنٹ کا اور پراونیشل اسمبلی کا ربڑ سٹمپ لگانا میرے خیال میں زیادتی ہوگی اور اس کو مہربانی کر کے اگر اس سے نکال دیں۔

Mr. Deputy Speaker. Minister concerned, Mr. Arshad Abdullah, sorry, Janab Zahir Shah Khan.

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): شکریہ، جناب سپیکر۔ یہ جو Effect کے بارے میں ہم نے اس طرح Amendment کا ذکر کیا ہے، اس کے اندر کئی لوگوں کی، اگر ہم نے اس کو آج سے کیا تو اس کے اندر اس قدر لوگوں کی پروموشنز اور اس کے حوالے سے کافی ہمیں پرابلمز آئیں گی، تو میری ان سے ریکویسٹ ہے، معزز ممبران سے ریکویسٹ ہو گی کیونکہ اس میں کافی لوگوں کی پروموشنز کا مسئلہ ہے جو کہ اس وقت ایکٹ کے تحت تھا اسکے اندر اور اس کو Cap کر دیا گیا تھا، تو اب ہم چونکہ اس کو لے کر آئے اور ان لوگوں کی جو ساری پروموشنز اور پوسٹنگ کی وجہ سے وہ ٹرانسفرز کافی Affect ہونگی، اگر ہم نے اس کو ابھی سے لیا تو میری ان سے ریکویسٹ ہو گی کیونکہ یہ کافی لوگوں کی پچھلے سال میں، جب یہ ایکٹ نافذ ہوا تھا، اس کے اندر ان کی پروموشنز اور پوسٹنگز Involve ہیں۔ تھینک یو جی۔

Mr. Deputy Speaker: The request of the Minister seems to be genuine, so I hope that the Honourable Members will be satisfied. Now the motion before the House is that the amendments moved by the Honourable Members may be adopted. Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Deputy Speaker: The 'Noes' have it. The amendments are dropped and original sub-clause (2) of clause 1 stands part of the Bill. Amendments in sub-clause (1) and (2) of clause 2 of the Bill, Mr. Israrullah Khan Gandapur, Honourable MPA, to please move his both amendments in clause 2 of the Bill. Mr. Israrullah Khan Gandapur.

Mr. Israrullah Khan Gandapur: Sir, I beg to move that para (i) of clause 2 may be deleted.

اور سر، اس میں چونکہ دوسری Amendment ہے ہی نہیں، تو اس میں میں یہ بات Brief کرنا چاہونگا سر، میری جیسے منسٹر صاحب سے پہلے یہ گزارش ہے کہ وہ جو ایکٹ اب ایک لیجسلیشن ہوا ہے، اس میں ہم سمجھتے ہیں کہ ایسی چیزیں ہیں لیکن ہماری ان سے یہ درخواست ہو گی کہ بجائے اسکے کہ ہم ایک ایک پوائنٹ پر بولیں، اگر وہ اس میں ایک Brief statement دیں کہ جو Brain drain ہوا تھا، جس طریقے سے جیسے وہ کہہ رہتے تھے کہ پوسٹنگز اور ٹرانسفرز کا مسئلہ ان کا رو کا ہوا تھا یا صبح وہ ڈسکس کر رہے تھے کہ کوئی غالباً، واشنگٹن پوسٹ' میں بھی کوئی آیا تھا، Specially NWFP میں جو

یونیورسٹیز ہیں، تو بجائے اسکے، کیونکہ آپ کے اور بھی ایجنڈا آئیمز رہتے ہیں، ان پر بھی بات ہو سکے گی اور جو ہماری قرارداد ہے، اسکو بھی چونکہ ابھی آنا ہے، تو میری ان سے گزارش ہوگی کیونکہ ہمارا مقصد بھی سر، لیجسلیشن کو ایک راہ متعین کرنا ہے، یہ نہیں ہے۔ ہم سمجھتے ہیں گورنمنٹ کی ابھی یہ ذمہ داری بن چکی ہے، جب ہاؤس میں آئیں گے تو وہ یقیناً پاس کرے گی لیکن میری ان سے گزارش ہوگی کہ اگر ان کے پاس کوئی چند پوائنٹس ہیں، تو وہ اس پر ایک Brief statement پیش کرلیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آنریبل منسٹر ظاہر شاہ صاحب۔

<u>وزیر صحت</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، جب یہ ایکٹ 2006 میں آیا تھا اور اس اسمبلی سے پاس ہوا تو اس کے بعد جب نئی گورنمنٹ آئی تو ہم نے، اس کے اندر کافی Discrepancies تھیں۔ سب سے بڑی Discrepancy اس میں یہ تھی کہ اس میں پروموشن کے جتنے Avenues تھے پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز اور رجسٹرار کے، وہ بلاک کر دیئے گئے تھے اور اسی کی وجہ سے ہمارے جو گورنمنٹ کے میڈیکل کالجز تھے، اس میں سے چونکہ ہر آدمی پروموشن کے چکر میں ہوتا ہے کہ میری اگلی پروموشن ہو جائے لیکن H.E.C کے رولز کے مطابق پروموشن بلاک کر دی گئی تھی اور یہ Criteria رکھا گیا تھا کہ کوئی بھی پوسٹ اگر Create ہوگی تو اس کیلئے وہ جو جونیئر ڈاکٹر ہے، وہ اس کیلئے Apply کریگا اور Apply کرنے کے بعد اگر اس کے Against اس کو کنٹریکٹ پر لیا جائیگا تو اس کی وجہ سے Affect یہ آیا کہ ہمارے میڈیکل کالج میں سے جو ریم تھا، جو لوگ تھے، جو پڑھاتے تھے، چونکہ وہ سمجھ رہے تھے کہ اس ایکٹ کے تحت ہماری پروموشنیں بلاک ہو رہی ہیں، تو انہوں نے آہستہ آہستہ ان کالجز سے باہر نکلنا شروع کیا اور پرائیویٹ کالجز اور دوسرے کالجز میں جانا شروع کیا۔ اس کے ساتھ یہ ہمارا خدشہ تھا کہ اس حد تک لوگ باہر نکل کر جا رہے تھے میڈیکل سائینسز میں سے، تو یہ خدشہ تھا کہ شاید ان Institutions کو پی ایم ڈی سی De recognized کر دیں اور De recognized اگر یہ Institutions ہو جاتے تو جو سٹوڈنٹس وہاں پہ پڑھ رہے تھے، تو ان ساروں کا مستقبل ایک قسم کا تاریک ہو جاتا اور ہم ان کیلئے کچھ کریں، تو اس کو، یہ Main avenue تھا۔ دوسری یہ بات تھی کہ ہم نے اس ایکٹ کے ذریعے یہ کوشش کی ہے بلکہ ہم اس کو لے کر آ گئے ہیں، جتنے پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز ہیں، وہ بھی اسی کے۔ ایم۔ یو کے نیچے لے آئے ہیں کیونکہ ہمارے کافی انسٹی ٹیوشنز جو ہیں، جو پرائیویٹ ہیں، کے۔ ایم۔ یو کیساتھ ان کی Affiliation نہیں ہے۔ کوئی باہر کی یونیورسٹی، یعنی صوبہ سرحد سے

باہر جو یونیورسٹیز تھیں، ان کے ساتھ Affiliations تھی، تو ہم ان کو بھی اسی مد میں لیکر آئے ہیں اور دوسرا جیسے آج یہ 'واشنگٹن پوسٹ' میں ایک آرٹیکل بھی چھپا ہے جس میں یہ کہا گیا کہ یہ جو پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز ہیں، یہ کس طریقے سے لوگوں کی کھالیں اتار رہے ہیں اور یہ 'واشنگٹن پوسٹ' کا اس پر پورا ایک آرٹیکل آیا ہے۔ اس کے اوپر گورنمنٹ نے ایک کمیٹی بھی بنائی ہے جس کے اندر ہیلتھ کے لوگ ہیں، ہیلتھ ریگولیٹری اتھارٹی کے لوگ ہیں اور سی۔ایس اس کے چیئرمین ہونگے تاکہ اس کو Review کریں۔ ان تمام چیزوں کو سامنے رکھ کر ہم یہ ایکٹ اس اسمبلی میں لیکر آئے تاکہ ہمارے جو انسٹی ٹیوشنز ہیں، میڈیکل کالجز ہیں، یہ At the verge of de-recognition تھے، تو یہ ساری باتیں تھیں جس کی وجہ سے ہم نے یہ بات کی۔ دوسری یہ ہے کہ اس میں ایک، شاید یہ بھی انہوں نے Amendment لایا ہے کہ اس کی یعنی کے۔ایم۔یو کا فنانشل سٹرکچر Disturb ہوگا، تو یہ میں فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں کہ ان کے جو Financial affairs ہیں، وہ بھی کنٹرول میں رہیں گے اور اس میں کوئی Disturbance نہیں آئیگی۔ ان تمام چیزوں کو اکٹھا کیا اور اس پر غور کرنے بعد، کافی غور و بچار کے بعد کافی میٹنگز اس پہ ہوئیں اور ہم آج یہ Amendment اس ہاؤس میں لے کر آئے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: عبدالاکبر صاحب!

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر! مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ اس اسمبلی نے گزشتہ پانچ سالوں میں جس لیجسلیشن پہ زیادہ کام کیا ہے، وہ اسی میڈیکل یونیورسٹی کی لیجسلیشن پر زیادہ کام کیا ہے۔ جناب سپیکر، ہر لیجسلیشن اگر Political motivated ہو، تو اس کے نتائج بھی پھر اسی طرح ظاہر ہونگے جس طرح آج منسٹر صاحب کمپلینٹ کر رہے ہیں کہ اس میں یہ یہ Difficulties ہیں۔ چونکہ اس وقت اس لیجسلیشن کو سیاسی انداز میں لیا گیا اور آپ یقین کریں کہ گھنٹوں گھنٹوں ہم نے اس اسمبلی میں سپیچز کی ہیں، Amendments لائیں، کوئی بات سنتا نہیں تھا، صرف ایک ذہن بنا ہوا تھا کہ سیاسی طور پر کس طرح اس کو پاس کر لیں۔ میڈیکل کالج میں میٹنگز Arrange کی گئیں، جناب سپیکر، ایک لائن پہ وہ جا رہے تھے۔ اب خواہ مخواہ جو لیجسلیشن کسی خاص پولیٹکل مقصد کو سامنے رکھ کر کی جاتی ہے، کسی کو ذاتی طور پر یا اپنی پارٹی کو فائدہ دینے کیلئے کی جاتی ہے، یقیناً اس کے نتائج بھی اسی طرح ہوتے ہیں جس طرح آج

اس کے ہو رہے ہیں۔ تقریباً تقریباً سارا میڈیکل یونیورسٹی بل جو ہے، وہ Amend ہو رہا ہے۔ تو یہی ہم کہہ رہے ہیں کہ جو بھی لیجیسلیشن لائے، آپ اس کو نہ دیکھیں کہ عبدالاکبر بول رہا ہے یا کوئی اور بول رہا ہے، جو بول رہا ہے، آپ اس کو دیکھیں اور سنیں کہ بھئی وہ کیا بول رہا ہے؟ تو اسی طرح اگر اس وقت ہماری بات مانی جاتی، اس وقت ہم چیخ چیخ کر کہہ رہے تھے، اگر ہماری مانی جاتی تو آج یہ مسئلہ نہ ہوتا، منسٹر صاحب کو، جس طرح انہوں نے کہا کہ Brain drain ہو رہا ہے، واقعی یہ صوبے کا نقصان ہے۔ اگر پروموشن نہیں ہو رہی ہے، یہ بھی صوبے کا نقصان ہے تو ہم تو یہاں پر اسلئے نہیں بیٹھے ہیں کہ گورنمنٹ اچھے کام کرے، اس کی بھی مخالفت کریں اور برے کام کرے، اس کی بھی۔ اگر واقعی حکومت کو یہ تکلیف ہے تو میں تو کم از کم جو اپنی Amendments ہیں، سوائے کلاز 4 کے، باقی واپس لیتا ہوں، جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ، عبدالاکبر خان۔ جناب اسراراللہ خان۔

<u>جناب اسراراللہ خان گنڈاپور</u>: شکریہ، سر۔ سر، یقیناً Amendment جب ہم لاتے ہیں تو مقصد یہ ہوتا ہے کہ جیسے میں نے کہا کہ سمت مقرر کرتے ہیں، ہمارا مقصد یہ ہرگز نہیں ہے گورنمنٹ کے ہاتھ پیر باندھنا ہے بلکہ یہ ہے کہ منسٹر صاحبان کو بھی اپنا مدعا بیان کرنے میں ذرا آسانی ہو جاتی ہے اور سر، جیسے انہوں نے کہا اور ساتھ Assurance بھی دی کہ جو یونیورسٹی ہے، اس کی Financially جو پاورز ہیں، وہ بھی Cripple نہیں ہونگے، تو اس کے ساتھ میں اپنی ساری Amendments withdraw کرتا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بہت شکریہ۔ انشاء اللہ اب ایسا نہیں ہوگا۔ جو بھی لیجیسلیشن ہوگی، صحیح ہوگی۔ آپ کی جو شکایات ہیں، انشاء اللہ سنی جائیں گی، کوئی بات نہیں ہے۔ The motion before the House is that the amendments moved by the Honourable Members may be adopted. Those who are in favour of it may say 'Aye'……………..

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر! Except clause 4, all the amendments are withdrawn. تو اس کے بعد صرف کلاز 4 میں ایک Amendment ہے، اس کے بعد تو سارے Withdraw ہو گئے، تو پھر ختم۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: عبدالاکبر صاحب! کلاز وائز آرہے ہیں۔ Those who are against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Noes' have it. The amendments are dropped and original clause 2 stands part of the Bill. Amendment in clause 3 of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan, Honourable MPA……

(Interruption)

<u>جناب عبد الاکبر خان:</u> جناب سپیکر! کلاز 4 کے علاوہ باقی تمام Amendments میں نے Withdraw کئے ہیں۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The amendment in clause 3 has been withdrawn by the Honourable Member. The same has been withdrawn. Since the Honourable Member Mr. Abdul Akbar Khan has withdrawn amendment in clause 3, so it stands part of the Bill. Amendment in clause 4, Mr.Israrullah Khan Gandapur.

<u>Mr. Abdul Akbar Khan:</u> Mr. Speaker! already withdrawn.

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Now Mr. Abdul Akbar Khan, Honourable MPA, to please move his amendment in clause 4 of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan.

<u>Mr. Abdul Akbar Khan.</u> Sir! I beg to move that para (b) in clause 4 after the words 'whether affiliated with' the words 'constituent of' may be added.

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Honourable Minister.

<u>Minister for Health:</u> Mr. Speaker! I support the amendment.

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Thank you. The motion before the House is that the amendment moved by the Honourable Member may be adopted. Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted. Amendment in clause 5 of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan, MPA and Mr…………..

<u>Mr. Abdul Akbar Khan:</u> Sir! we have already withdrawn all the amendments.

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Since the amendments in clause 5 have already been withdrawn by the Honourable Members, so clause 5 stands part of the Bill. Similarly the amendments in clause 6 of the Bill have also been withdrawn, so clause 6 stands part of the Bill.

کلاز 7 ، دا هم Withdraw شوے دے۔

Since no amendment has been moved by any Honourable Member in clause 7 of the Bill, therefore, the question before the House is that clause 7 may stand

part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. clause 7 stands part of the Bill. Preamble also stands part of the Bill. Thank you. 'Passage Stage': Honourable Minister for Law, on behalf of Honourable Chief Minister, NWFP, to please move that the 'Khyber Medical University (Amendment) Bill, 2008' may be passed. Honourable Minister.

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): تھینک یو جی، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ خیبر میڈیکل یونیورسٹی (ترمیمی) بل 2008 کو پاس کیا جائے۔

Mr. Abdul Akbar Khan: With the amendments.

Minister for Health: With amendment, with one amendment.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the 'Khyber Medical University (Amendment) Bill, 2008' may be passed. Those who are in favour of it may say 'Aye' ……….…..

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! اگر آپ بل کو ہاؤس میں Put کرینگے تو جو Amendment ہاؤس نے پاس کیا ہے، وہ اس کا حصہ پھر نہیں بنے گا، تو With amendment اگر آپ کہہ دیں تو مہربانی ہو گی، تو ایک ہی پاس ہوئی ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Those who are in favour of it may say 'Aye'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed with amendment moved by Mr.Abdul Akbar Khan, MPA. .Mr. Zahir Ali Shah Sahib.

وزیر صحت: جناب سپیکر! میں معزز ممبران کا شکریہ ادا کرتا ہوں، خاصکر عبدالاکبر صاحب کا اور اسرار اللہ گنڈاپور کا اور تمام ممبران کا، جنہوں نے اس Bill passage میں میری معاونت کی۔ سب کا شکریہ، تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔

جناب شاہ حسین خان: دا قرارداد پیش کړم؟

جناب ڈپٹی سپیکر: قرارداد پیش کیا جائے۔

ملک قاسم خان خٹک: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چه قرارداد پیش کړی نو بیا اوکړه کنه۔ جناب شاه حسین۔

قرارداد

جناب شاہ حسین خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ صوبائی اسمبلی کا یہ ایوان متفقہ طور پر قرار دیتا ہے کہ:

"ہر گاہ ہندوستان کے ایک روزنامے 'ہندوٹائم' نے آقائے نامدار، فخر موجودات، رحمت اللعالمین حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کر کے آپ ﷺ کی تشبیہی خاکے جاری کئے ہیں جس سے دنیا بھر میں بسنے والے کروڑوں مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے؛

ہر گاہ کہ وقتاً فوقتاً ایک سازش کے تحت مختلف ممالک میں ایسے شر انگیز گستاخانہ مواد پر مشتمل خاکے اور اقتباسات جاری ہوئے ہیں جن سے عالم اسلام کے اندر مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکانے کی کوشش ہوتی رہی ہے جبکہ کوئی بھی مسلمان حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں بال برابر گستاخی بھی برداشت نہیں کر سکتا اور ایسی ہستی جو نہ صرف مسلمانوں کیلئے بلکہ پوری انسانیت کیلئے رحمت کا پیامبر بن کر تشریف لائے، ایسی جلیل القدر ہستی کی شان میں اس قسم کی گستاخی کسی طور پر برداشت نہیں کی جا سکتی؛

لہذا یہ اسمبلی نہ صرف مذکورہ اخبار میں چھپنے والے خاکوں بلکہ اس سے قبل جتنے بھی گستاخانہ مواد شائع ہوا ہے، ان کی مذمت کرتی ہے اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ سفارتی سطح پر متعلقہ ممالک سے فوری طور پر اس مسئلے کو اٹھائے تاکہ آئندہ کیلئے اس قسم کے مکروہ اقدامات کا اعادہ نہ کیا جا سکے"۔ ډیره مهربانی، ډیره شکریه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر لودھی صاحب!

حاجی قلندر خان لودھی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر۔ صوبائی اسمبلی کا یہ ایوان متفقہ طور پر قرار دیتا ہے کہ؛

"ہر گاہ ہندوستان کے ایک روزنامے 'ہندوٹائم' نے آقائے نامدار، فخر موجودات، رحمت اللعالمین حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کر کے آپ ﷺ کی تشبیہی خاکے جاری کئے ہیں جس سے دنیا بھر میں بسنے والے کروڑوں مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے؛

ہر گاہ کہ وقتاً فوقتاً ایک سازش کے تحت مختلف ممالک میں ایسے شر انگیز گستاخانہ مواد پر مشتمل خاکے اور اقتباسات جاری ہوئے ہیں جن سے عالم اسلام کے اندر مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکانے کی کوشش ہوتی رہی ہے جبکہ کوئی بھی مسلمان حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں بال برابر گستاخی بھی

برداشت نہیں کر سکتااور ایسی ہستی جو نہ صرف مسلمانوں کیلئے بلکہ پوری انسانیت کیلئے رحمت کاپیامبر بن کر تشریف لائے،ایسی جلیل القدر ہستی کی شان میں اس قسم کی گستاخی کسی طور پر برداشت نہیں کی جاسکتی؛

لہذا یہ اسمبلی نہ صرف مذکورہ اخبار میں چھپنے والے خاکوں بلکہ اس سے قبل جتنے بھی گستاخانہ مواد شائع ہوا ہے،ان کی مذمت کرتی ہےاور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ سفارتی سطح پر متعلقہ ممالک سے فوری طور پر اس مسئلے کو اٹھائے تاکہ آئندہ کیلئے اس قسم کے مکروہ اقدامات کا اعادہ نہ کیا جاسکے"۔ شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>:مسٹر پیر صابر شاہ صاحب۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: جناب سپیکر۔ صوبائی اسمبلی کا یہ ایوان متفقہ طور پر قرار دیتا ہے کہ:

"ہرگاہ ہندوستان کے ایک روزنامے 'ہندوٹائم' نے آقائے نامدار، فخر موجودات، رحمت اللعالمین حضرت محمد مصطفے ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کرکے آپ ﷺ کی تشبیہی خاکے جاری کئے ہیں جس سے دنیا بھر میں بسنے والے کروڑوں مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے؛

ہرگاہ کہ وقتاً فوقتاً ایک سازش کے تحت مختلف ممالک میں ایسے شرانگیز گستاخانہ مواد پر مشتمل خاکے اور اقتباسات جاری ہوئے ہیں جن سے عالم اسلام کے اندر مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکانے کی کوشش ہوتی رہی ہے جبکہ کوئی بھی مسلمان حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں بال برابر گستاخی بھی برداشت نہیں کر سکتااور ایسی ہستی جو نہ صرف مسلمانوں کیلئے بلکہ پوری انسانیت کیلئے رحمت کاپیامبر بن کر تشریف لائے،ایسی جلیل القدر ہستی کی شان میں اس قسم کی گستاخی کسی طور پر برداشت نہیں کی جاسکتی؛

لہذا یہ اسمبلی نہ صرف مذکورہ اخبار میں چھپنے والے خاکوں بلکہ اس سے قبل جتنے بھی گستاخانہ مواد شائع ہوا ہے،ان کی مذمت کرتی ہےاور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ سفارتی سطح پر متعلقہ ممالک سے فوری طور پر اس مسئلے کو اٹھائے تاکہ آئندہ کیلئے اس قسم کے مکروہ اقدامات کا اعادہ نہ کیا جاسکے"۔ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>:جناب میاں افتخار حسین۔

<u>میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات)</u>: دستخط پرے شته دے۔ سپیکر صاحب، لږ به، ملګرو خو مخکښې پیش کړو، ډیره سنجیدګي پکار ده ځکه چه ډیر پاک او زمونږه نه خلق به د دے جذباتو د غه کوی، نو چه ټول متوجه وی نو ډیر به ښه وی۔ صوبائی اسمبلی کا یہ ایوان متفقہ طور پر قرار دیتا ہے کہ:

"ہر گاہ ہندوستان کے ایک روزنامے 'ہندوٹائم' نے آقائے نامدار، فخر موجودات، رحمت اللعالمین حضرت محمد مصطفی ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کرکے آپ ﷺ کی تشبیہی خاکے جاری کئے ہیں جس سے دنیا بھر میں بسنے والے کروڑوں مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے؛

ہر گاہ کہ وقتاً فوقتاً ایک سازش کے تحت مختلف ممالک میں ایسے شر انگیز گستاخانہ مواد پر مشتمل خاکے اور اقتباسات جاری ہوئے ہیں جن سے عالم اسلام کے اندر مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکانے کی کوشش ہوتی رہی ہے جبکہ کوئی بھی مسلمان حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں بال برابر گستاخی بھی برداشت نہیں کر سکتا اور ایسی ہستی جو نہ صرف مسلمانوں کیلئے بلکہ پوری انسانیت کیلئے رحمت کا پیامبر بن کر تشریف لائے، ایسی جلیل القدر ہستی کی شان میں اس قسم کی گستاخی کسی طور پر برداشت نہیں کی جاسکتی؛

لہذا یہ اسمبلی نہ صرف مذکورہ اخبار میں چھپنے والے خاکوں بلکہ اس سے قبل جتنے بھی گستاخانہ مواد شائع ہوا ہے، ان کی مذمت کرتی ہے اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ سفارتی سطح پر متعلقہ ممالک سے فوری طور پر اس مسئلے کو اٹھائے تاکہ آئندہ کیلئے اس قسم کے مکروہ اقدامات کا اعادہ نہ کیا جاسکے"۔ شکریہ۔،

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Members and Minister, sorry, Mr. Shujja Sahib.

جناب محمد شجاع خان: شکریہ جناب سپیکر۔ صوبائی اسمبلی کا یہ ایوان متفقہ طور پر قرار دیتا ہے کہ:

"ہر گاہ ہندوستان کے ایک روزنامے 'ہندوٹائم' نے آقائے نامدار، فخر موجودات، رحمت اللعالمین حضرت محمد مصطفی ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کرکے آپ ﷺ کی تشبیہی خاکے جاری کئے ہیں جس سے دنیا بھر میں بسنے والے کروڑوں مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے؛

ہر گاہ کہ وقتاً فوقتاً ایک سازش کے تحت مختلف ممالک میں ایسے شر انگیز گستاخانہ مواد پر مشتمل خاکے اور اقتباسات جاری ہوئے ہیں جن سے عالم اسلام کے اندر مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکانے کی کوشش ہوتی رہی ہے جبکہ کوئی بھی مسلمان حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں بال برابر گستاخی بھی برداشت نہیں کر سکتا اور ایسی ہستی جو نہ صرف مسلمانوں کیلئے بلکہ پوری انسانیت کیلئے رحمت کا پیامبر بن کر تشریف لائے، ایسی جلیل القدر ہستی کی شان میں اس قسم کی گستاخی کسی طور پر برداشت نہیں کی جاسکتی؛

لہذا یہ اسمبلی نہ صرف مذکورہ اخبار میں چھپنے والے خاکوں بلکہ اس سے قبل جتنے بھی گستاخانہ مواد شائع ہوا ہے، ان کی مذمت کرتی ہے اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ سفارتی سطح پر متعلقہ ممالک سے

فوری طور پر اس مسئلے کو اٹھائے تاکہ آئندہ کیلئے اس قسم کے مکروہ اقدامات کا اعادہ نہ کیا جا سکے"۔ شکریہ جناب سپیکر۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Members and Ministers may be adopted. Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

Mr. Abdul Akbar Khan: Point of order, Sir.

Mr. Deputy Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan.

Mr. Abdul Akbar Khan: Sir! I want to draw your attention to sub rule (2) of rule 20, "during the……….

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبر خان! آپ دوبارہ ذرا بتادیں۔

Mr. Abdul Akbar Khan: Sub rule (2) of rule 20.

Mr. Deputy Speaker: Sub rule (2) of rule 20.

Mr. Abdul Akbar Khan: "During the session, unless otherwise directed by the Speaker, the following shall be business hours of the Assembly:-

(a) in summer,<br>
from 1st April to 30th September — from 9:30 A.M to 1:30 P.M "

اب سر، According to this rule 1:30 P.M. سے تقریباً دو گھنٹے، ڈیڑھ گھنٹہ بھی ہم آگے جا چکے ہیں، یہ تو الگ بات ہے کہ اگر آپ Otherwise direct کرتے ہیں لیکن According to the rules, it is violation کہ ہم اپنے ٹائم سے زیادہ جائیں کہ اگر آپ یہ کل کیلئے ملتوی کردیں تو مشکور رہیں گے۔

وزیر اطلاعات: سپیکر صاحب! تر اوسه پورے داسے نه وو شوے چه عبد الاکبر صاحب د وخت نشاندهی کړی وی۔ نن ئے ضروری کار دے ځکه ئے دا خبره اوکړله۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک قاسم خان۔

وزیر اطلاعات: پریږده چه وی۔

ملک قاسم خان خٹک: شکریه، جناب سپیکر۔ عبد الاکبر صاحب سمه خبره اوکړه، تائم خو د مانځه هم دے خو بهرکیف یو داسے واقعه درته په نوټس کښې راولم، زمونږه د سوات وړور وقار خان سره چه کوم ظلم شوے دے، د دے اسمبلئ ممبرانو له بحیثیت انسانیت سوچ کول پکار دی چه زمونږ دے معزز ممبر سره څه اوشول؟ هلته کښې سرکاری فوجیان موجود وو، پولیس موجود وو، هغوی سره چه کوم ظلم شوے دے چه د اسمبلئ په دے باندے تفصیل سره بحث اوکړی او هغوی ته څه Compensation او چه هغه خلقو ته سخته سزا ورکړے شی چه چا دا غفلت کړے دے۔ درے گهنټے هور لگیدلے دے او څوک ورسره، په تیس گز کښې باقاعده فوجی چوکئ وے، پولیس وو، څه شے ئے نه دے ورکړے نو زهٔ ټولو ته، معزز ایوان ته خواست کوم چه دے ته خصوصی توجه ورکړی او په دے باندے خصوصی بحث اوکړی۔ شکریه، ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Minister concerned, تاسو جواب ورکړی، جناب بشیر بلور صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب، یہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے، اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ اس پر باقاعدہ بحث ہونی چاہیئے کیونکہ اس آنریبل ہاؤس کے ایک ایم پی اے کے خاندان کے ساتھ یہ واقعہ ہوا ہے، تو اس میں تو Formally اگر منسٹر جواب بھی دیں، تو اس سے کیا ہوگا؟ میں تو سمجھتا ہوں کہ کل اس پر ایڈجرنمنٹ موشن لائیں اور اس کو ایڈمٹ کر کے پھر بحث کریں۔

جناب بشیر احمد بلور (سینیئر وزیر): جناب سپیکر صاحب، په دے باندے به مکمل یو بحث اوکړو، سبا چه کله ستاسو خوښه وی۔ تاسو Date اوساتئ، دے باندے به خبره اوکړو۔ (تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شوه جی، ډیره مهربانی۔ جناب پیر صابر شاه صاحب۔

سید محمد صابر شاه: جناب سپیکر صاحب! آج جب میں اسمبلی آرہا تھا تو کچھ سٹوڈنٹس کھڑے تھے اور وہ کچھ احتجاج کر رہے تھے، شاید یونیورسٹی کے اندر کوئی واقعہ ہوا ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ وہ ہمارے بچے ہیں اور اس قسم کی ان کی جو بھی Grievances ہیں، اس کیلئے میں سمجھتا ہوں کہ بہتر یہی ہوگا کہ حکومت کی طرف سے یہاں ہمارا کوئی منسٹر صاحب، ان بچوں کو سنا جائے اور اس کے بعد جو بھی ان کی

Grievances ہیں، ان کو حل کرنے کی کوشش کیجائے کیونکہ ان کو یونیورسٹی میں ہونا چاہیئے، نہ کہ یہاں پہ آ کے سڑکوں پہ وہ احتجاج کریں، تو میری گزارش ہو گی کہ ابھی کسی کو بھیج کر اس مسئلے کی، تاکہ ان سے معلوم کیا جاسکے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پیر صاحب، ابھی وہ گیٹ پر ہیں؟

سید محمد صابر شاہ: ہاں، وہ کھڑے ہیں۔

سید احمد حسن: یہ ہزارہ یونیورسٹی سے آئے ہوئے ہیں جو پختونخوا سٹوڈنٹس فیڈریشن کے لوگ ہیں اور ہزارہ یونیورسٹی میں بد قسمتی سے ایک دن پہلے وہاں پہ کچھ لوکل جھگڑا ہوا سٹوڈنٹس کے درمیان میں اور کچھ Outsiders بھی اس میں Involve ہوئے تو اس لوکل جھگڑے کو شکل دے دی گئی ہزارہ والوں اور پختونخوا کے جھگڑے کی جو کہ میرے خیال میں ایک اچھی بات نہیں ہے اور اس چیز کو ہم Afford نہیں کر سکتے۔ پورے صوبے کے اندر اگر اس طرح کے معاملات ہوئے، کوئی اخبار والے بھی اگر اس چیز کو اچھالتے ہیں تو ان کو بھی ہم کہیں گے کہ یہ کام نہ کریں کیونکہ یہ پورے ہمارے صوبے کے اندر ایک مسئلہ بن جائیگا پشاور یونیورسٹی کا بھی، گومل یونیورسٹی، ہر جگہ کا، تو ہزارہ والے ہمارے لوگوں کے بھائی ہیں سارے، پختونخوا جتنا بھی ہے، پختون جتنے لوگ بھی ہیں، اور جو وہاں پہ سٹوڈنٹس پڑھتے ہیں اور ہزارہ یونیورسٹی پورے صوبے کی یونیورسٹی ہے، اس کا نام ہزارہ یونیورسٹی ہے لیکن وہاں پہ تمام صوبے کے طلباء پڑھتے ہیں اور سارے طلباء کا خیال کرنا، میں سمجھتا ہوں کہ ہزارہ والوں کا کام ہے۔ تو اس طرح کا ایک چھوٹا سا جھگڑا ہوا تھا وہاں پہ جو کہ فائرنگ تک بڑھ گیا اور اس میں کچھ معاملات ہوئے۔ تو ابھی سٹوڈنٹس کے ساتھ، بشیر بلور صاحب نے ہمیں بھیجا تھا، مجھے اور نمروز خان صاحب کو اور ہم نے جاکر ان کے ساتھ مذاکرات کئے۔ سٹوڈنٹس کو ہم نے اندر لایا اور بٹھا کر ساری ان سے بات ہوئی ہے اور پھر میں نے ایس پی صاحب سے بھی ٹیلیفون پہ بات کی وہاں مانسہرہ کے اور جو لوکل لوگ وہاں پہ Involve تھے، وہ جو بھی تھے، جو اسلحہ لیکر آئے تو ایس پی صاحب سے میں نے کہا ہے کہ ان کے خلاف دہشتگردی کے تحت مقدمہ درج کیا جائے۔ ان تمام لوگوں کو گرفتار کیا جائے اور جن سٹوڈنٹس کو گرفتار کیا گیا ہے، ان سب کی Bail کی جائے۔ جج صاحب سے بات کی ہے تاکہ سٹوڈنٹس کا آپس میں مسئلہ نہ پیدا ہو اور ناجائز طریقے سے جو کام ہوا ہے، اس کو بہتر کر کے تمام سٹوڈنٹس کو بحال کیا جائے، ان کو رہا کیا جائے اور جو لوگ Involve ہیں، ان کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے تاکہ آئندہ کبھی ہزارہ یونیورسٹی میں اس طرح کا سلسلہ نہ ہو سکے۔

تواس میں، سٹوڈنٹس کی گزارشات تھیں، وہ میں نے بشیر بلور صاحب کوPut upکر دیں ہیں اور جتنے ان کے مطالبات ہیں، انشاء اللہ گورنمنٹ ان کو یقین دلاتی ہے کہ ان کے تمام مطالبات کو پورا کیا جائیگا۔

حاجی قلندر خان لودھی: شاہ صاحب نے بات کی، احمد شاہ صاحب نے بات کی۔۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب قلندر لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! یہ بچے سب کے بچے ہیں، چاہے وہ پختو نخوا ہے یا پشتو بولنے والے ہیں یا ہندکو بولنے والے ہیں یا ہزارے کے ہیں یا پشاور کے ہیں، وہ ہم سب کے بچے ہیں، ان سب کا ہزارے میں خیال رکھنا ہماری زیادہ ذمہ داری ہے لیکن جناب سپیکر، یہ تو آئے دن کا مسئلہ بن گیا ہے ہزارہ یونیورسٹی کا، اس میں جھگڑے شروع ہو گئے ہیں اور اس میں میں سمجھتا ہوں کہ وائس چانسلر کی کمزوری ہے، وائس چانسلر کو تبدیل کیا جائے۔ اتنا بڑا وہ ایریا ہے اور اتنا سٹاف ہے ہمارا اس میں، وہ لوگوں کو کیوں نہیں سمجھاتے، بچے پھر بچے ہوتے ہیں۔ تو یہ کوئی اس میں پارٹی بازی سسٹم شروع کر دیا گیا ہے یونیورسٹی کے اندر سے جس میں سٹاف Involve ہے۔ جناب سپیکر، اس کا ذرا کوئی تدارک کی جائے اور اس کی انکوائری کی جائے جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب میاں افتخار حسین۔

میاں افتخار حسین: سپیکر صاحب، دا مسئله خو دوئ په ډیر خوش اسلوبئ سره خبره اوکړه۔ دا د پختون سټوډنټ فیډریشن ملګری چه کوم دی نو بهر راغلی دی، دا خبره چه ورسره دوئ اوکړه، د هزاره یونیورسټئ وائس چانسلر چه کوم دے، هغه دلته په پیښور کښ هم ملازمت کړے دے او ډیر Efficient سړے دے او د هغه ایډمنسټریشن تجربه هم ډیره زیاته ده۔ کله کله علاقائی مسئلے داسے رااوچتے شی چه د هغے کنټرول ډیر ګران شی۔ د هغے باوجود چه هلته دا مسئله شته خو هغه تر اوسه پورے ډیره ښه Handle کړے ده۔ زهٔ د دوئ د ځائے هغه مشرانو ته هم خواست کوم چه کوم عوامی نمائندګان دی، پکار دا ده چه هغوی د وائس چانسلر سره په دیکښ Help اوکړی او هغه پرون دلته راغلے وو، په پشاور کلب کښ، ګیرژن کلب کښ فنکشن وو، هغه په دے ځائے کښ وو چه دا واقعه اوشوه۔ که چرته هغه وے نو هغه دومره ښه ایډمنسټریټر دے چه یقیناً چه دا واقعه به هم په دے شکل کښ راپیښه شوے نه وه۔ نو زهٔ خواست کوم چه علاقائی بنیاد باندے چه د پختون سټوډنټ فیډریشن سره دا کومه واقعه شوے ده، دا یو ځل

مخکښ هم رااوچته شوے وه او مونږه په دے مسئله حل کړے وه چه خدائے د نه کړی چه دا مسئله چرته پیښور یونیورسټئ کښ رااوچته شی او سبا دا خبره اوشی چه دا خو تش د پیښور د خلقو ده، د نورو نه ده نو ډیر مشکلات به جوړ شی۔ که سبا گومل کښ رااوچته شی نو ډیره مسئله به وی نو دوئ چه اوس څنگه حل کړے ده، ډیره ښه خبره ده۔ پکار دا دی چه د ایډمنسټریشن سره، د وائس چانسلر سره دا مشران کښینی او مستقل د دے حل رااوباسی هسے نه چه بیا په یو داسے شکل کښ رااوچته شی۔ نه د ایډمنسټریشن خلاف خبره پکار ده، نه د سټوډنټس خلاف خبره پکار ده البته چه لوکل خلق په یونیورسټئ کښ Involve کیږی، د یونیورسټئ ایډمنسټریشن خرابوی او سټوډنټان د خپل ځان او د مفاداتو د پاره استعمالوی، د هغوی لار نیول په هر قیمت باندے پکار دی۔ ډیره مهربانی او شکریه جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ۔ اب ایجنڈے پر ہمارے پاس دو آئٹمز ہیں، Items No. 13 and 14 which require discussion under rule 48 اور ٹائم کی کمی کی وجہ سے، لہذا The sitting is adjourned till 9:30 AM, tomorrow morning. Thank you.

---

(اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 27 اگست 2008 صبح نو بجکر تیس منٹ تک کیلئے ملتوی ہو گیا)